ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
بانی: صاحبزادہ عبدالستار
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | اتوار 21 جمادی الثانی 1446ھ 14 دسمبر 2025ء صفحات 24 | شمارہ 160
رجسٹرڈ BC-m-1 | PTCL 081-2827345 081-2827344 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | قیمت 40 روپے

آئی ایم ایف وفاقی و صوبوں کے تمام سرکاری افسران کے اثاثے پبلک کرنے سے متعلق قانون سازی مکمل کا مطالبہ

اینٹی منی لانڈرنگ کے لیے افسران کے اثاثوں کی جانچ پڑتال بھی ہوگی حکومت نے آئی ایم ایف کو آگاہ کردیا، گریڈ 17 سے 22 کے افسران اپنے ملکی و غیر ملکی اثاثوں کی تفصیل جمع کرائیں گے

تمام پارلیمنٹیرینز کے اثاثے 31 دسمبر کو ویب سائٹ پر آجاتے ہیں، دوہری کرو ڑ سے زائد پاکستانی کرپٹو کے کاروبار میں شامل ہیں، ہمیں ڈیجیٹل اکانومی کی طرف جارہے ہیں، وزیر محمد اورنگزیب

یہ اضافی شرط نہیں عملی اقدام ہے، اثاثوں کی آن لائن اشاعت کے لیے پراپرٹی ایکس اور ڈیٹا پروٹیکشن کے انتظامات شامل ہوں گے جبکہ رسک ہیڈ ویری فکیشن کا طریقہ کار بھی متعارف کرایا جائے گا

پبلک اینٹی منی لانڈرنگ کے لیے وفاقی وصوبائی افسران کے اثاثوں کی جانچ پڑتال کریں گے اس حوالے سے سرکاری اداروں کے اہلکاروں کے اثاثوں کی بھی چھان بین ہوسکے گی، وزارت خزانہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر نمائندہ) آئی ایم ایف کے مطالبے پر سرکاری ملازمین کے اثاثے پبلک کرنے سے متعلق قانون سازی کرچکے تھے تفصیلات کے مطابق ڈھائی کروڑ سے زائد پاکستانی کرپٹو کے کاروبار میں شامل ہیں، ہمیں ڈیجیٹل اکانومی کی طرف جانا ہے، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کا کہنا ہے کہ سرکاری ملازمین کے اثاثے پبلک کرنے سے متعلق قانون سازی کرچکے، آئی ایم ایف نے کہا ہے، اس حوالے سے قانون سازی کرچکے ہیں، یہ اضافی شرط نہیں عملی اقدام ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر محمد اورنگزیب کا کہنا تھا اس سرمٹھ اور قدم پارلیمنٹیرینز کے اثاثے 31 دسمبر کو ویب سائٹ پر آجاتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا آئی ایم ایف نے سرکاری ملازمین کے اثاثے سامنے لانے کا کہا ہے، اس حوالے سے قانون سازی کرچکے ہیں، یہ اضافی شرط نہیں عملی

ملک معاشی بحران سے نکلا، اصلاحات سے گڈ گورننس میں اضافہ ہوگا، وزیراعظم

وفاقی حکومت صوبائی حکومتوں سے مل کر اداروں کی جانچ فرہم ورک کو بہتر کرنے کیلئے ٹھوس اقدامات کررہی ہے، شہباز شریف

حکومت نے امید کا دامن نہیں چھوڑا، بہتر حکمت عملی سے چیلنجز کا مقابلہ کیا دن رات کام کر کے ملک کو اس دلدل سے نکالا

ترقیاتی ریاست ہمیشہ جرات مند، بصیرت فراہم کرنیوالی اور مستقبل پر نظر رکھنے والی ہوتی ہے، افتتاحی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملک معاشی بحران سے نکل چکا ہے، ترقی کی جانب رواں دواں ہیں، ادارہ جاتی اصلاحات سے گڈ گورننس میں اضافہ ہوگا، نوجوان بھی اثاثہ ہیں، ٹی ٹی ویژن کے ذریعے ہم نوجوانوں کو ہنر مند بنائیں گے۔ ان..... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کے گیٹ کے دورے کے دوران گورنر کے ترجمانہ خطاب کر رہے ہیں

دشمن کی ہائبرڈ جنگ، انتہا پسند نظریات اور ملک میں انتشار پھیلانے والے عناصر کے خلاف بھرپور توجہ جاری ہے، چیف آف ڈیفنس فورسز

قومی سلامتی کو نقصان پہنچانے والوں کو کچل دینگے، فیلڈ مارشل عاصم منیر

جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگی انتہائی اہمیت کی حامل ہے، جدید جنگی ماحول میں خطے میں حالات سے باخبر رہنا اور بروقت فیصلے کرنا ناگزیر ہوچکا ہے

پاک فوج اندرونی و بیرونی چیلنجز، انتہاپسندانہ نظریات اور قومی استحکام کو نقصان پہنچانے والی تقسیم پسند قوتوں سے نمٹنے کیلئے مکمل طور پر تیار اور پرعزم ہے

گوجرانوالہ اور سیالکوٹ گیریژن کا دورہ، افسران اور جوانوں سے گفتگو کی اور ان کے بلند حوصلے اور قومی سلامتی کے لیے غیر متزلزل عزم کو سراہا، ترجمان پاک فوج

35 ویں نیشنل گیمز کی اختتامی تقریب میں فیلڈ مارشل نے فاتح پاکستان آرمی کو ٹرافی پیش کی، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری، وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ، ہمراہ تھے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) چیف آف آرمی اسٹاف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاک فوج اندرونی و بیرونی چیلنجز، انتہاپسندانہ نظریات اور قومی استحکام کو نقصان پہنچانے والی تقسیم پسند قوتوں سے نمٹنے کے لیے مکمل طور..... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کا سلطان گولڈن کیلئے 5 کروڑ روپے انعام

گورنر اور وزیراعلیٰ نے دو عالمی ریکارڈز توڑنے پر سلطان گولڈن کو سرٹیفکیٹس اور نرائی دیئے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل اور وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ سلطان گولڈن نے عالمی ریکارڈ توڑ کر پوری دنیا میں ملک کا نام روشن کیا ہے، یہ نہ صرف بلوچستان کا نوجوان ہے بلکہ پاکستان کے لئے اعزاز کی بات ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کنٹونمنٹ روڈ کوئٹہ میں سلطان گولڈن کے اعزاز کی افتتاحی تقریب سے خطاب..... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

مشرقی یروشلم میں کلیف ہیڈ کوارٹرز پر اسرائیلی حملہ، 8 مسلم ممالک کی مذمت

فلسطینی پناہ گزینوں کے حقوق کے تحفظ میں اقوام متحدہ کی ریلیف ورکس ایجنسی کا کردار اہم ہے، پاکستان، سعودی عرب

مشرقی یروشلم کے شیخ جراح محلے میں یو این آر ڈبلیو اے کے ہیڈ کوارٹرز پر اسرائیلی افواج کی یلغار قابل مذمت ہے، مصر، ترکیہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان سمیت دیگر 8 مسلمان ممالک نے اسرائیلی فوج کے مشرقی یروشلم میں اقوام متحدہ کی ریلیف ایجنسی ورکس ایجنسی کے ہیڈ کوارٹرز پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ادارے کے اسکول اور طبی مراکز غزہ میں پناہ گزینوں کے لیے زندگی کی کلیدی سہولت فراہم کرتے ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے..... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

ڈکری تنازع کیس سماعت 15 دسمبر کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں ہوگی

اسلام آباد (نوید مرزا) ڈکری تنازع کیس میں جسٹس طارق جہانگیری کا خود بائیکوٹ کے سامنے پیش ہونے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق اسلام آباد ہائی کورٹ نے جسٹس طارق جہانگیری سے 3 دن میں جواب طلب کر رکھا ہے۔ کیس کی سماعت 15 دسمبر کو اسلام آباد..... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

صدر آصف زرداری نے گورنر پنجاب کو بلاول ہاؤس لاہور بلا لیا

ملاقات میں پنجاب کی سیاسی صورت حال اور دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا جائے گا

چیئرمین پی پی بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات دو طرفہ امور پر تفصیلی بات چیت

لاہور (آن لائن) صدر آصف زرداری نے گورنر پنجاب سردار سلیم کو ملاقات کے لیے بلاول ہاؤس لاہور بلایا۔ ذرائع کے مطابق گورنر پنجاب اور دیگر پارٹی رہنما صدر..... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

خلیفہ اوّل سیّدنا حضرت ابوبکر صدیقؓ کا یوم وصال آج منایا جائیگا

ملک بھر میں مدح صحابہؓ کے عنوان سے جلوس نکالے اور مظاہرے ہونگے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) خلیفہ اوّل سیّدنا حضرت ابوبکر صدیقؓ کا یوم وصال (آج) 22 جمادی الثانی 14 دسمبر اتوار کو مذہبی عقیدت و احترام سے منایا جائیگا..... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید سلیم خان سے پی ایم ڈی سی کے این ڈاکٹر رضوان تاج ملاقات کر رہے ہیں

عدالتی پالیسی سازکمیٹی کا جبری گمشدگی کمیشن مقدمات پر مؤثر عمل کا فیصلہ

جبری گمشدگیوں کے مقدمات پر مؤثر ادارہ جاتی ردعمل اور گرفتار ملزم کو 24 گھنٹے میں پیش نہ کرنے پر نیا میکنزم لانے کا فیصلہ

2019 تک کے تمام پرانے وراثتی کیسز کو 30 دن میں نمٹایا جائے، چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی کی ہدایت

کمیٹی کی لاہور ہائی کورٹ کی جانب سے 4 لاکھ 65 ہزار مقدمات نمٹانے، پشاور ہائی کورٹ کے وراثتی مقدمات کے نظام کی تعریف

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی کی صدارت قومی جوڈیشل پالیسی ساز کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں جبری گمشدگیوں اور کمرشل مقدمات پر مؤثر عمل کیا گیا۔ چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت جوڈیشل پالیسی ساز کمیٹی کا 56 واں..... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

ترک صدر کی روسی ہم منصب سے ملاقات، یوکرین جنگ پر گفتگو

ملاقات میں یورپی یونین کے روس کے فنڈز منجمد کرنے کے معاملے پر بھی تبادلہ خیال

ترکمانستان (مژ) ترک صدر رجب طیب اردوان کی روسی ہم منصب پیوٹن سے ملاقات، یوکرین جنگ پر ترکمانستان میں..... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف چینلز کیلئے ریلیف پیکیج کا افتتاح کر رہے ہیں

برطانیہ کا امریکا پر انحصار ختم کرنے کا اعلان

لندن (مژ) برطانیہ نے امریکا پر انحصار ختم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ برطانیہ یہ بڑے بحران پر جنگ کی تیاری شروع کر دی۔ فیوچل فورسز ایجنسی کے مطابق برطانیہ کی مسلح افواج کے وزیر کرنل..... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ میں پاکستان کے سفیری انیسا ئیز برانڈز کے حکام سے ملاقات

واشنگٹن (آن لائن) امریکہ میں سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ کی امریکہ کی معروف ہوٹل برانڈ ریستوران چینی انیسا ئیز برانڈز کے چیف آپریٹنگ آفیسر ٹریک سکل سمیٹ اور گورنمنٹ افیئرز کی سربراہ برطینے کوئیف..... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

غیر قانونی مقیم غیر ملکی باشندوں کے انخلا کا سلسلہ جاری

اب تک 31 ہزار 377 افغان باشندوں کو ڈی پورٹ کیا، ترجمان پولیس

لاہور (آن لائن) پنجاب پولیس کی جانب سے سمو بیرمیں غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی باشندوں کے انخلا کا عمل مسلسل کے ساتھ موثر انداز میں جاری ہے..... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

ایف بی آر کا ڈاکٹرز، کلینکس اور ہسپتالوں کیخلاف گھیرا تنگ کرنیکا فیصلہ

ملک میں ڈاکٹروں کی بڑے پیمانے پر مبینہ طور پر ٹیکس چوری میں ملوث ہونے کا انکشاف ہوا، ایف بی آر رپورٹ

ایک لاکھ 30 ہزار 243 ڈاکٹرز رجسٹرڈ ہیں، صرف 56 ہزار 287 نے انکم ٹیکس ریٹرن جمع کروائے

دس ہزار 922 ڈاکٹرز کی سالانہ آمدنی 10 سے 50 لاکھ روپے کے درمیان تھی، یومیہ صرف 1,094 روپے ٹیکس ادا کیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے کروڑوں روپے کی مبینہ ٹیکس چوری میں طبی شعبے کے پریکٹس کرنے والے ڈاکٹروں، میڈیکل کلینکس و نجی اسپتالوں کے خلاف گھیرا تنگ..... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

دہشتگردی کے خطرات کے بمساید ممالک کی کانفرنس میں ہوگی

اجلاس کے اختتام پر مشترکہ اعلامیہ جاری کیا جائے گا

پاکل (پ ر) افغان سرزمین سے دہشتگردی کے خطرات کے تناظر میں ہمسایہ ممالک کی کانفرنس کل تہران میں ہوگی

کل تہران میں ہونیوالی افغان سرزمین سے دہشت گردی کے..... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

ملک بھر میں انسداد پولیو مہم 15 دسمبر سے شروع ہوگی

اس سال سب سے زیادہ توجہ جنوبی خیبر پختونخوا اور کراچی پر دی جارہی ہے

ورکرز پورے ملک میں بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے پلائیں گے، ترجمان

اسلام آباد (آن لائن) پولیو کے خاتمے کیلئے رواں سال کی آخری انسداد پولیو مہم 15 دسمبر سے ملک بھر میں شروع ہوگی۔ 21 دسمبر تک جاری رہے گی اور مہم 4 کروڑ..... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کی نظربندی بین الاقوامی اصولوں کے مطابق ہونی چاہیئے، اقوام متحدہ

سابق وزیراعظم کو جیل میں ایسے حالات میں رکھا جارہا ہے جو غیر انسانی یا توہین آمیز سلوک کے زمرے میں آسکتے ہیں، ایلس جل ایڈورڈز

بی پی آئی کو پی ٹی آئی کا اس قیدی کی حیثیت سے "ان کے حقوق سے زیادہ" سہولیات فراہم کی جارہی ہیں، وزیراعظم کے معاون خاص احسان

بنیوا (مژ) اقوام متحدہ کے خصوصی نمائندے نے خبردار کیا ہے کہ پی ٹی آئی کے بانی اور سابق وزیر اعظم عمران خان کو جیل میں ایسے حالات میں رکھا جا رہا ہے جو غیر انسانی یا توہین آمیز سلوک کے زمرے میں آسکتے ہیں، انہوں نے پاکستانی حکام سے عالمی اصولوں اور معیارات کو جیل کے کام کا مطالبہ بھی کیا۔ غیر ملکی خبر..... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

طلاق دینے کے 3 دن بعد از دواجی تعلقات پر شوہر پر زیادتی کا مقدمہ خارج

90 روز کے اندر طلاق مشروط واپس کرنے کا حق ہوتا ہے، جسٹس طارق سلیم شیخ

لاہور (مژ) نجی کورٹ پرہیا پولیو شیخ نے طلاق دینے کے 3 دن بعد از دواجی تعلقات قائم کرنے پر شوہر پر زیادتی کا مقدمہ خارج کر دیا۔ جسٹس طارق سلیم شیخ نے درخواست پر 12 صفحات پر مشتمل تحریری..... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

امریکا میں 2 ہزار افغان شہریوں کے دہشتگرد تنظیموں سے روابط کا انکشاف

داعش اور دیگر دہشت گرد تنظیمیں مسلسل امریکی سرزمین پر حملوں کی منصوبہ بندی میں مصروف ہیں، سربراہ امریکی خفیہ ادارہ

امریکا آنے والے 18 ہزار افغان شہریوں میں سے 2 ہزار کے دہشت گرد تنظیموں سے براہ راست یا بالواسطہ تعلقات ہیں

واشنگٹن (مژ) امریکا میں موجود افغان شہریوں سے متعلق ایک تشویش ناک انکشاف سامنے آیا ہے، جہاں تقریباً..... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

پاسپورٹ درخواست کیلئے نئی آن لائن سہولت متعارف

اسلام آباد (مژ) پاسپورٹ درخواست پیشی نئی آن لائن سہولت متعارف، پاکستان میں ڈائریکٹر جنرل امیگریشن اینڈ پاسپورٹس نے ذمہ داران کے تعاون سے نئی آن لائن..... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

بارکھان اور گرد ونواح میں شدید زلزلے کے جھٹکے محسوس

شدت 4.2 ریکارڈ، مرکز بارکھان سے 27 کلومیٹر دور شمال مشرق میں تھا

نقصان نہیں ہوا، لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع بارکھان اور گرد ونواح میں زلزلہ محسوس کیا گیا، نیشنل سیسمک ریکارڈ سائیکل پر 4.2 ریکارڈ کی گئی زلزلے کا مرکز بارکھان سے..... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر میر صادق عمرانی کی چیئرمین ایف جی ایم سی اور سے پانی کے مرکزی رہنما مولانا عبدالقیوم سومرو کی عیادت کر رہے ہیں

بلوچستان کے نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیتیں موجود ہیں، میر فراز بگٹی

سلطان گولڈن نے گینز ورلڈ ریکارڈ قائم کر کے بلوچستان بلکہ پاکستان کا نام پوری دنیا میں روشن کیا، وزیراعلیٰ

صوبائی حکومت کھیلوں اور مثبت سرگرمیوں کے فروغ کے لیے کوشاں اور نوجوانوں کو مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں

بلوچستان کا ٹیلنٹ صرف مواقع کا منتظر ہے اور حکومت ایسے تمام باصلاحیت نوجوانوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کر رہی ہے

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیتیں موجود ہیں اور صوبائی حکومت ان صلاحیتوں کو فنی اور عالمی سطح پر اجاگر کرنے کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کر رہی ہے اس خیالات کا اظہار انہوں..... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی 35 ویں نیشنل گیمز کی اختتامی تقریب میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر چیئرمین پی پی بلاول بھٹو و وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ و دیگر شریک ہیں

سیاسی عناصر اب بھی عمران خان کو واپس لانے کیلئے کوشاں ہیں، خواجہ آصف

15 ماہ تک لیکے والے مقدمے میں سزا سنائی گئی، آئی ایس آئی کے سابق سربراہ کیخلاف کارروائی شروع کی جائے گی

قومی کو افواج اور شہدا کی یادگاروں کی بے حرمتی کی گئی، اسی فوج نے آپریشن بنیان مرصوص میں عوام کا سر فخر سے بلند کیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) وفاقی وزیر اطلاعات و ثقافت اور وزیر دفاع خواجہ آصف نے سابق آئی ایس آئی سربراہ لیفٹیننٹ جنرل فیض حمید کو 2017 میں دارالحکومت پر حملے کے الزام میں سابق وزیراعظم نواز شریف کی برطرفی کا ذمہ دار قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ان کے خلاف ابھی اور چارج بھی بنیں گے، پچھلے سیاسی عناصر اب بھی عمران خان کو واپس..... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

فتنہ الہندوستان کا بزدلانہ وار، بلوچستان پھر انسانیت سوز دہشتگردی کا شکار

فتنہ الہندوستان کا ایجنڈا امن و امان تباہ اور خوف و ہراس کی فضا قائم کرنا ہے، سیکورٹی ذرائع

اسلام آباد (مژ) فتنہ الہندوستان کا بزدلانہ وار، بلوچستان پھر انسانیت سوز دہشتگردی کا شکار ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق فتنہ الہندوستان کی دہشت گرد تنظیم نے بلوچستان کے علاقے آدارہ..... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ کی ہاسپٹل میں 2 سرجریز کامیاب، ڈاکٹرز کا دعویٰ

ٹرمپ کی صحت بہتر ہے، ڈاکٹرز کا دعویٰ

واشنگٹن (مژ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ہاسپٹل میں 2 سرجریز کامیاب ہوگئیں۔ ڈاکٹرز کا دعویٰ ہے کہ ٹرمپ کی صحت بہتر ہے۔ ٹرمپ کی سرجری کے بعد ڈاکٹرز کا..... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

پشاور ہائیکورٹ کا افغان طالبہ کو داخلے کے عمل سے نہ نکالنے کا حکم

افغان طالبہ کی داخلہ سے متعلق درخواست پر گزشتہ ساعت کا حکمنامہ جاری کر دیا

پشاور (آن لائن) پشاور ہائی کورٹ نے درخواست گزار افغان طالبہ کو داخلے کے عمل سے نہ نکالنے کا حکم دیا۔ افغان طالبہ کی داخلہ سے متعلق درخواست پر..... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

ذاتی مفادات کیلئے دفاعی اداروں پر حملے کیے گئے، عطاء اللہ تارڑ

تبدیلی کا نعرہ لگا کر ملک میں تباہی لائی گئی، تین نسل کے ذہنوں میں سازش کے تحت نواز شریف سے متعلق زہر بھر گیا

پی پی آئی نے نفرت، تقسیم اور کرپٹ سیاسی کی سیاست کو فروغ دیا اور 12 سال میں خیبر پختونخوا کو تباہ کر دیا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ ملک میں ذاتی مفاد کے لیے..... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

16 دسمبر کو دوحہ میں غزہ کیلئے فورس سے متعلق کانفرنس ہوگی

دوحہ (مژ) 16 دسمبر کو دوحہ میں غزہ کیلئے عالمی اجلاس فورس سے متعلق کانفرنس ہوگی۔ امریکی حکام کے مطابق کانفرنس میں 25 سے زائد ممالک کے نمائندے شریک ہوں گے۔ کانفرنس کی میزبانی امریکی سینٹرل..... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت پر عائد ٹیرف ختم کرنے کیلئے امریکی کانگریس میں قرارداد پیش

قرارداد کو کانگریس کے ارکان راجا کرشنا مورتی، پرامیلا جے پال اور مارک ڈی سی کی جانب سے پیش کی گئی ہے

واشنگٹن (مژ) ٹرمپ کی جانب سے بھارت پر عائد ٹیرف ختم کرنے کیلئے امریکی کانگریس میں ایک قرارداد پیش کر دی گئی، یہ قرارداد کانگریس کے ..... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

پشاور ایف سی ہیڈ کوارٹر پر خودکش حملہ کرنے والے دہشت گرد نیٹ ورک کی نشاندہی

حملہ آوروں نے پشاور میں قیام کے دوران شہر کے راستوں سے واقفیت حاصل کی

پشاور (مژ) پشاور فرنٹیئر کور کی کنٹونمنٹ ہیڈ کوارٹر پر خودکش حملہ کرنے والے دہشت گرد نیٹ ورک کی نشاندہی ہوگئی۔ تفتیشی حکام کے مطابق خودکش حملہ آوروں کا تعلق..... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

سلطان گولڈن نے پاکستان کیلئے نئے عالمی ریکارڈ قائم کردیے

چینی میں تیز ترین ریس ڈرائیونگ بمعرف 57 سیکنڈز میں فاصلہ طے کیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان کے نامور اسٹنٹ میں سلطان گولڈن نے دو گینز عالمی ریکارڈز کا میابی اور بڑے مارجن سے توڑ کر پوری دنیا میں پاکستان کا نام روشن کر دیا۔ اسٹنٹ مین سلطان محمد گولڈن..... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سلطان گولڈن گینز ریکارڈ اٹیمپٹ ایونٹ 2025 کی تقریب کے موقع پر سلطان گولڈن کو سرٹیفکیٹ دیتے ہوئے

سیاست میں خواتین کی زیادہ سے زیادہ شرکت کیلئے پرعزم ہیں، ضیا بلوچ

جمہوریت، قیادت، شہری اور سیاسی حقوق اگاہی کی تربیتی ورکشاپس کا حصہ بننے والی 50 خواتین کونسلر کی امیدوار بنی ہیں

پریس کلب میں این ای ڈی کے تعاون سے منعقدہ دو روزہ تربیتی سیشن کی خواتین شرکا سے سی ای او ہارڈ بلوچستان کا خطاب

کوئٹہ (آن لائن) صحت اور دیہی ترقی (ہارڈ بلوچستان) نے این ای ڈی کے تعاون سے دو روزہ تربیتی سیشن کا انعقاد کیا گیا جمہوریت، قیادت، گڈ گورننس، شہری اور سیاسی حقوق، ہم مرتبہ تعلیم اور بلدیاتی نظام کے بارے میں جہاں نوجوان خواتین مختلف نقطہ نظر سے آگاہ تھیں۔ ان کے انتخاب کے بعد 50 نوجوان خواتین کونسلرز نے ایک جامع دو روزہ صلاحیت سازی کے پروگرام سے گزرا۔ یہ تربیت، ایک خصوصی ہدایت نامہ کے ذریعے، تھیوری، عملی مشقوں، گروپ ورک، اور پیشکشوں کے آمیزے کے ذریعے ضروری موضوعات کا احاطہ کرتی ہے۔ اعلیٰ معیار کی ترسیل کو یقینی بنانے کے لیے پراجیکٹ ٹیم کے تعاون سے ماہر کنسلٹنٹس نے سیشنز کی قیادت کی۔ شرکا کو ان کی وابستگی کو تسلیم کرتے ہوئے تکمیل پر سرٹیفکیٹ ملے۔ اس کا مقصدان خواتین کو اپنے کردار کو بہتر بنانے کے لیے درکار علم اور ہنر سے آراستہ کرنا، جمہوری عمل کی گہری سمجھ کو فروغ دینا اور سیاست میں خواتین کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو فروغ دینے کے لیے ہم مرتبہ تعلیم کی حوصلہ افزائی کرنا، اس طرح صنفی تفاوت کو کم کرنا اور بلوچستان میں جمہوری اقدار کو مضبوط کرنا تھا۔

کوئٹہ: پارلیمانی سیکرٹری اقلیتی امور کو گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل کو پھولوں کا گلدستہ دے کر ان کا استقبال کر رہے ہیں

سوشل میڈیا پر میری تصویر لگا کر اداروں کے خلاف ہرزہ سرائی کی گئی ہے، فائزہ شکیل

من گھڑت اور بے بنیاد پوسٹ سوشل میڈیا پر جاری کر کے میری عزت نفس کو مجروح کیا گیا ہے

چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ، سے سازشی عناصر کو بے نقاب کر کے مجھے انصاف فراہم کرنے کی اپیل کرتی ہوں

اگلے گریڈ میں ترقی نظر انداز ہونے پر آواز اٹھائی تو سوشل میڈیا پر مہم شروع کر دی گئی، وومن یونیورسٹی ملازمہ کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (آن لائن) سردار بہادر خان وومن یونیورسٹی سے وابستہ فائزہ شکیل نے گزشتہ دنوں سوشل میڈیا پر چلنے والی خبری تردید کرتے ہوئے کہا کہ میری تصویر لگا کر میرے نام سے منسوب اداروں کے خلاف بے بنیاد پوست جاری کی گئی ہے جس سے میرا کوئی تعلق نہیں ہے اس کی سختی سے مذمت، عدلیہ، سائبر کرائم اور اداروں سے مطالبہ کرتی ہوں کہ ان سازشی عناصر کو بے نقاب کر کے انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ سردار بہادر خان وومن یونیورسٹی میں خدمات سرانجام دے رہی ہوں۔ میرے اگلے گریڈ میں ترقی کو نظر انداز کیا گیا جس پر آواز اٹھائی تو اس کے نتیجے میں مجھے سازشی عناصر نے دھمکیاں دیں اور مجھے ہتھکنڈوں پر اتر آئے۔ ایل میں ملازم ہے گزشتہ 22 سال سے ازدواجی حیثیت سے منسلک ہوں۔ ... سوشل میڈیا پر جاری کر کے میری عزت نفس کو مجروح کر کے ذہنی کوفت میں مبتلا کر دیا ہے۔ ... غلط پوسٹ کرنے والوں کو گرفتار کر کے حقائق منظر عام پر لائے جائیں تاکہ انصاف کے تقاضے پورے ہو سکیں۔

صوبائی حکومت نے نوجوانوں کے لیے جدید تعلیم کا حصول آسان بنا دیا ہے، ملک نعیم بازئی

کچلاک سے کوئٹہ گرین بس توسیعی فیز ٹو منصوبے سے عوام مستفید ہوں گے، سکول سالانہ تقریب سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما، رکن بلوچستان اسمبلی سابق صوبائی وزیر ملک نعیم خان بازئی نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو ... عوام کی سہولت کے لئے کچلاک سے کوئٹہ تک گرین بس کی توسیع فیز ٹو کا منصوبہ ہے جس سے لوگ مستفید ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کچلاک میں گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول میں زیر تعمیر نئے بلاک کے افتتاح اور سالانہ امتحانات میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبا میں انعامات اور شیلڈ تقسیم کرنے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سکول کے اساتذہ، علاقے کے عمائدین اور علاقہ مکینوں کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ ... جو میرے انتخابی منشور کے مطابق حلقے کے عوام اور نوجوانوں کو سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے اسکی واضح مثال ہے۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ کالج کوئٹہ کینٹ کے دوسرے کانووکیشن میں فارغ التحصیل طالبات کو گولڈ پہنا رہے ہیں

عزم نو ایجوکیشن سسٹم کی سالانہ تقسیم انعامات کی تقریب میں چیف ایگزیکٹو خرم اسلم اور ڈائریکٹر راحیلہ خرم مہمانوں کو شیلڈ دے رہے ہیں

بلدیاتی انتخابات جمہوریت کی مضبوطی کے لیے انتہائی ضروری ہیں، کبیر احمد شہی

عوام کی بھرپور حمایت حاصل کرنے کے لیے پارٹی کارکن پارٹی پیغام گھر گھر پہنچائیں، اسلم بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) یونین کونسل 8 کے انتخابی مہم کے حوالے سے انتخابی دفتر کلی نیچاری کا افتتاح پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل میر کبیر احمد شہی، صوبائی صدر اسلم بلوچ، مرکزی نائب صدر ڈاکٹر محمد اسحاق بلوچ صوبائی جنرل سیکرٹری چنگیز بلوچ ... ایوان زریں صوبائی اسمبلی ہو یا لوکل گورنمنٹ کے بلدیاتی ایوان ہوں نیشنل پارٹی نے ہمیشہ ان کے حقوق کی پاسداری اور ان کے مسائل کے حل کے لیے اپنا آئینی کردار ادا کیا ہے ... 28 دسمبر کو یوسی 8 سے نیشنل پارٹی شاندار کامیابی حاصل کرے گی ... یونین کونسل 8 کی عوام نیشنل پارٹی پر اعتماد کرتے ہوئے اس کے نامزد امیدواروں کے حق میں اپنا ووٹ استعمال کریں گے۔

سندھ کا صوبائی تربیتی اجتماع آج سرجانی ٹاؤن کراچی میں منعقد ہوگا

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام پاکستان صوبہ سندھ کا صوبائی تربیتی اجتماع آج (اتوار) بعد از نماز ظہر جامع مسجد عثمان بن عفان سرجانی ٹاؤن کراچی میں منعقد ہوگا تربیتی اجتماع سے رہبر جمعیت مولانا محمد خان شیرانی اور مرکزی رابطہ کمیٹی کے ارکان مولانا گل نصیب خان، مولانا شجاع الملک، حافظ احمد علی، مفتی حماد مدنی اور دیگر مقررین خطاب کریں گے۔

منہ کے کینسر کی بروقت تشخیص سے زندگی کو بچایا جا سکتا ہے، خلیل مراد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈپٹی سیکرٹری ہیلتھ بلوچستان خلیل مراد، بولان میڈیکل ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر آصف شاہوانی، پروفیسر ڈاکٹر جہانگیر، پروفیسر ڈاکٹر خلیل، ڈاکٹر شائستہ شاہنواز، ڈاکٹر منعم عالم خان نے کہا ہے کہ منہ کے کینسر کی بروقت تشخیص کر کے زندگی کو بچایا جا سکتا ہے ... منہ کے کینسر کے کامیاب علاج کیلئے اسکا جلد پتہ لگانا بہت ضروری ہے کہ دانتوں کا باقاعدہ چیک اپ کرائیں اور احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔

لیپا کے محکمہ صحت کے صدر حضرت علی کاکڑ، ایڈمن آفیسر عطاء اللہ گوجعفر خان کاکڑ و دیگر جا موت ہونے والے ملازمین میں آرڈرز تقسیم کر رہے ہیں

علمدار روڈ اور ہزارہ ٹاؤن کی امام بارگاہوں سے سیکورٹی نہ ہٹائی جائے، عاشق حسین ہزارہ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان شیعہ کانفرنس رجسٹرڈ کے صدر عاشق حسین ہزارہ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ملک بھر اور بالخصوص صوبہ بلوچستان کے موجودہ صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے ... تمام تر ذمہ داری بلوچستان کی گورنمنٹ، انتظامیہ اور تمام سیکورٹی اداروں پر عائد ہوگی۔

سیدنا حضرت ابوبکر صدیق کے یوم وفات پر آج جلوس نکالا جائے گا، سنی علماء کونسل

کوئٹہ (آن لائن) سنی علماء کونسل بلوچستان کے زیر اہتمام بسلسلہ مدح صحابہ جلوس آج دوپہر ڈیڑھ بجے عبدالستار ایدھی چوک سے روانہ ہو کر کوئٹہ پریس کلب پر اختتام پذیر ہوگا ... 22 جمادی الثانی کو سیدنا حضرت ابوبکر صدیق کی وفات کے دن آج دوپہر مدح صحابہ جلوس نکالا جائے گا جس میں شہری جوق در جوق شریک ہوں۔

پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کی بلا رنگ و نسل تفریق کے خدمت کی ہے، نورالدین کاکڑ

بلدیاتی انتخابات میں عوام نے خدمت کا موقع دیا تو عوام کو مایوس نہیں کریں گے، پی پی رہنما

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کی ہے اگر کوئٹہ کے عوام نے بلدیاتی انتخابات میں خدمت کا موقع دیا تو عوام کو مایوس نہیں کریں گے، عوام 28 دسمبر کو ووٹ دیکر پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں ... انہوں نے کہا کہ عوام 28 دسمبر کو پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدواروں کو ووٹ دیکر بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں ... نورالدین کاکڑ اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 28 دسمبر کو پی پی کے جیالے ...

اولسی مظلوم تحریک اور جمہوری وطن پارٹی میں سیٹ ایڈجسٹمنٹ

یوسی 20، وارڈ 3، اور یوسی 26، وارڈ 4 کے امیدواروں کی حمایت کا اعلان کیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) آج منعقدہ حمایتی تقریب میں 28 دسمبر 2025 کو ہونے والے بلدیاتی انتخابات کے سلسلے میں اولسی مظلوم تحریک کے سربراہ حاجی صادق خان اچکزئی نے جمہوری وطن پارٹی کے امیدوار شیخ شیر گل (یوسی نمبر 20، وارڈ نمبر 3، سریاب ٹاؤن) کی بھرپور حمایت کا اعلان کر دیا۔ اس موقع پر جمہوری وطن پارٹی کی جانب سے بھی اولسی مظلوم تحریک کے امیدوار کی یوسی نمبر 26، وارڈ نمبر 4 میں مکمل حمایت کا اعلان کیا گیا ...

کوئٹہ: پیپلز پارٹی کے رہنما نورالدین کاکڑ یونین کونسل 38، وارڈ 2 میں پی پی کے سینئر رہنما ایڈووکیٹ ہاشم کاکڑ کی رہائشگاہ پر کارنر میٹنگ سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ: ہارڈ بلوچستان کے زیر اہتمام خواتین کیلئے دو روزہ کونسلرز ورکشاپ کے موقع پر ضیا بلوچ کا خواتین کے ہمراہ گروپ فوٹو

عوامی حمایت یافتہ امیدوار میدان عمل میں اتر چکے ہیں، یوسف وقار شاہوانی

ان شاء اللہ العزیز، ہم پوری قوت، عزم اور استقامت کے ساتھ مقابلہ جاری رکھیں گے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ، حلقہ سریاب کے ترجمان یوسف وقار شاہوانی نے سریاب ٹاؤن یونین کونسل 4 اور وارڈ نمبر 1 اور 3 کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ الحمدللہ جمعیت علماء اسلام کے مضبوط اور عوامی حمایت یافتہ امیدوار باقاعدہ طور پر میدان عمل میں اتر چکے ہیں۔ ان شاء اللہ العزیز، ہم پوری قوت، عزم اور استقامت کے ساتھ مقابلہ جاری رکھیں گے اور میدان کسی صورت خالی نہیں چھوڑیں گے ... سریاب ٹاؤن کے تمام وارڈز میں جمعیت علماء اسلام کے امیدواروں کو کامیاب بنا کر سریاب ٹاؤن میں خدمت خلق کا نیا باب رقم کریں۔

فاروق ناشناس لہڑی خدمت گزار رہنما ہے، ڈاکٹر حلیم صادق

بی این پی عوامی کے سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر ناشناس لہڑی سے ملاقات کے بعد بیان

کوئٹہ (این این آئی) عوامی پاکستان پارٹی بلوچستان نے کوئٹہ بلدیاتی انتخابات میں یونین کونسل 29 وارڈ 03 میں بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے امیدوار فاروق ناشناس لہڑی کی بھرپور حمایت کا اعلان کر دیا ہے۔ اس حوالے سے ایک اہم ملاقات عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق اور بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر ناشناس لہڑی کے درمیان منعقد ہوئی ... انہوں نے کہا کہ فاروق ناشناس لہڑی کی کامیابی نہ صرف یونین کونسل بلکہ پورے کوئٹہ شہر کے لیے نیک شگون ثابت ہوگی ...

کوئٹہ: فائزہ شکیل پریس کانفرنس کر رہی ہیں

ترازو امن ترقی و خوشحالی کا نشان ہے، عثمان علی خان

یونین کونسل 7 وارڈ 2 نوحکو ٹاؤن کے امیدوار کا انتخابی کمپین سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی کا امیدوار برائے کونسلر یونین کونسل 27 وارڈ 2 نوحکو ٹاؤن عثمان علی خان نے کہا کہ عوام کی جماعت اسلامی سے بہت پرامید ہیں ... ترازو نشان امن ترقی و خوشحالی کا نشان ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کلی کوتوال، کلی شالکوٹ، کلی کریم کوتوال ... عوامی حمایت سے محروم نااہل لوگ مسلط کیے گئے جو مسائل میں کمی کی بجائے اضافہ کا سبب بنے ... ہوگا علاقے کے عوام مسائل کے حل کیلئے انصاف کا نشان ترازو پر مہر لگائے۔

کیمبرج سکول نے ہمیشہ طلبا کو صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع فراہم کیے ہیں، ایمل خان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کیمبرج سیکنڈری سکول اے ون سٹی کے زیر اہتمام گزشتہ روز سائنسی نمائش کا اہتمام کیا گیا جس کا مقصد طلباء کو صحت مندانہ سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنا ہے ... کیمبرج سکول نے ہمیشہ طلبا کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا موقع دیا ہے اور آج کی نمائش میں طلبا نے جس دلچسپی کا مظاہرہ کیا۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل مسلم لیگ ن بلوچستان کے رہنما ارباب اقبال کاسی کے بڑے بھائی ارباب شیر محمد کاسی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

مرکزی تنظیم تاجران کے ترجمان کاشف حیدری آج پریس کانفرنس کریں گے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری آج بروز اتوار 14 دسمبر 2025 سہ پہر 3 بجے اپنی رہائش گاہ واقع ہزارہ ٹاؤن میں ایک اہم پریس کانفرنس سے خطاب کریں گے۔ اس موقع پر وہ تاجر برادری کو درپیش مسائل اور موجودہ صورتحال پر اہم اعلانات کریں گے۔ ترجمان کی جانب سے پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے نمائندگان سے پریس کانفرنس کی کوریج کیلئے شرکت کی درخواست کی گئی ہے۔

بلدیاتی انتخابی مہم کے باوجود کارپوریشن میں بھرتیاں جاری ہیں، شراف آغا

انتخابات کے بعد منتخب نمائندے میرٹ اور شفافیت کے ساتھ پُر کریں گے، نائب صدر پی آئی

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا عوامی پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا اور ضلع کمیٹی کے اراکین نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کے اعلان ہونے کے باوجود میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے زیر اہتمام نئے ملازمین کی بھرتی کا سلسلہ جاری رکھا ہے ... No 399/22-102025 جاری کیا گیا تھا اور گزشتہ دنوں ان آسامیوں کو پُر کرنے کے لیے 19 دسمبر سے انٹرویوز کے آغاز کا اشتہار دیا گیا ہے جبکہ ایک اور اشتہار ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ کی جانب سے جاری کیا گیا ہے بحوالہ AB NO.522/02-12-2025 جس میں درجنوں چھوٹی بڑی پوسٹوں پر تعیناتی عمل میں لائی جائے گی ... آسامیوں کو تاحکم ثانی ملتوی کیا جائے۔

ریٹائرڈ رسالدار میجر ملک ذر محمد خان ترین کی فاتحہ خوانی جاری

پشین (پ ر) ریٹائرڈ رسالدار میجر ملک ذر محمد خان ترین عرف بڈو رسالدار کی فاتحہ خوانی آج بھی کلی اندگلزئی میں جاری رہی جبکہ کل بروز اتوار 14 دسمبر کو پشین شہر کے خاکسار مسجد میں مرحوم کی فاتحہ خوانی ہوگی۔ آج ایم پی اے سید ظفر آغا، سابق ایم این اے مولوی کمال الدین، ملک باز محمد، پروفیسر سیماب، پروفیسر خلیل باور، پی ٹی ایم کے نور باچا، مجید کاکڑ، مطیع اللہ، ایس پی محمد زمان ترین، عبدالخیر ایڈووکیٹ، امان اللہ ترین ایڈووکیٹ، ضلع قلعہ عبداللہ کے ضلع چیئرمین حاجی محمد دین سیکئی، حاجی عظیم پانیزئی، نور اللہ وطن دوست، ایمل خان آف مسلم باغ، عبدالخیر خان، سید احمد شاہ آغا، سابق رسالدار سید فقیر آغا، ٹیچر ایسوسی ایشن کیر ہنماؤں مجیب اللہ فرخین، قیوم خان موسیٰ خیل، شعیب احمد ترین، صلاح الدین اچکزئی، سابق ایڈیشنل چیف سیکرٹری نصیب اللہ خان بازئی، سمیت سینکڑوں افراد نے تعزیت کی۔

کوئٹہ: ویژن کالج آف نرسنگ اینڈ الائیڈ ہیلتھ سائنسز کے زیر اہتمام تعلیمی و عملی نمائش کی اختتامی تقریب کے موقع پر چیف نرسنگ سپرنٹنڈنٹ منظور احمد ریسانی، ریاض رئیس و دیگر کو شیلڈ تقسیم کر رہے ہیں

پشتونخوا ایس او بولان میڈیکل یونیورسٹی کی علاقائی کانفرنس کا انعقاد

سابق علاقائی سیکرٹری ارشد خان کی کارکردگی رپورٹ کو اتفاق رائے سے منظور کر لیا گیا

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی بولان میڈیکل یونیورسٹی کی علاقائی کانفرنس زونل سیکرٹری وارث افغان کی زیر صدارت کامیابی کے ساتھ منعقد ہوئی۔ کانفرنس میں تنظیمی، تعلیمی اور سیاسی امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ کانفرنس میں سابق علاقائی سیکرٹری ارشد خان نے اپنی مدت کار کی رپورٹ پیش کی، جسے شرکا نے سراہا اور اتفاق رائے سے منظور کیا۔ اجلاس کے دوران سمیع اللہ خان اور نعمت خان کی قیادت میں 19 رکنی نئی کابینہ کا انتخاب عمل میں آیا۔ معاونین میں سجاد خان، برہان خان، محمود خان، اعجاز خان، مشرف خان، ریاض خان، باطن خان، حبیب خان، سلام شیرانی، قیم خان، معصوم خان، رحمت خان، ہیواد خان اور قدرت خان شامل ہیں۔ نئی کابینہ سے صوبائی ثقافت سیکرٹری مامون شعور نے حلف لیا، جبکہ نظامت کے فرائض صوبائی اطلاعات سیکرٹری وحدت افغان نے انجام دیے۔ کانفرنس سے زونل سیکرٹری وارث افغان، صوبائی آفس سیکرٹری زوہیب کبزئی، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری ڈاکٹر ثانیہ، بولان میڈیکل یونیورسٹی کے نو منتخب سیکرٹری سمیع اللہ، جامعہ کوئٹہ کے سیکرٹری امین تنکیال، آئی ٹی یونیورسٹی کے علاقائی سیکرٹری یاسر عرفات کاکڑ، جامعہ کوئٹہ کے سینئر معاون خیر اللہ لوی، پارٹی کے ڈاکٹرز یونٹ سے ڈاکٹر مزمل پانیزئی، ڈاکٹر نور ولی اور ڈاکٹر جان محمد موسیٰ خیل نے خطاب کیا۔ اجلاس میں صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز حبیب شیرانی اور شفیق دلشان نے بھی شرکت کی۔ مقررین نے اپنے خطابات میں کہا کہ پاکستان میں محکوم اقوام بالخصوص پشتونوں جیسے محکوم اقوام کے ساتھ نوآبادیاتی طرز کا سلوک روا رکھا جا رہا ہے اور پنجابی اسٹیبلشمنٹ کی بالادستی کے باعث عوام بنیادی حقوق سے محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی نظام کو جان بوجھ کر جدید تعلیم کے تقاضوں، سہولیات اور بنیادی حقوق سے محروم رکھا گیا ہے۔ ضلعی اور یونیورسٹی انتظامیہ طلبا کو ہر قسم کی سرگرمیوں میں شرکت کی اجازت دیتی ہے، مگر سیاسی سرگرمیوں سے روکا جاتا ہے تاکہ طلبا سیاسی طور پر باخبر اور باشعور نہ بن سکیں۔ مقررین نے فارم 47 کی حکومت کو اسٹیبلشمنٹ کی کٹھ پتلی قرار دیا۔

محکمہ آثار قدیمہ کے ڈائریکٹر جمیل احمد بلوچ کے بھائی قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے

تربت (پ ر) محکمہ آثار قدیمہ و میوزیم کے ڈائریکٹر جمیل احمد بلوچ کے بھائی قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے ہیں۔ مرحوم کی فاتحہ خوانی ہوشاب سندھ بازار تربت میں جاری ہے۔ مرحوم خزانہ آفیسر صدام حسین کے چچا تھے۔ جبکہ سیاسی، سماجی اور سرکاری حلقوں کی جانب سے اظہار تعزیت کا سلسلہ جاری ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے۔ آمین۔

اوستہ محمد پریس کلب کے سابق صدر محمد حنیف مینگل کی اہلیہ انتقال کر گئی

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد پریس کلب رجسٹرڈ کے سابق صدر محمد حنیف مینگل کی اہلیہ محمد صدیق مینگل محمد اعظم مینگل زین مینگل کی بھابھی کی نماز جنازہ میونسپل کارپوریشن آفس میں ادا کی گئی نماز جنازہ میں میئر میونسپل کارپوریشن میر مظفر خان جمالی میر فاروق خان جمالی ڈپٹی میئر حاجی خان بلال اوستہ محمد پریس کلب کے صحافیوں سمیت شہریوں میونسپل کارپوریشن کے کونسلران اور سیاسی سماجی رہنماؤں نے شرکت کی۔

نذر گل کاکڑ انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) نذر گل کاکڑ انتقال کر گئے وہ محمد غوث کاکڑ مرحوم کے صاحبزادے، محمد عیسیٰ کاکڑ، محمد بلال کاکڑ اور محمد موسیٰ کاکڑ کے والد، چیمبر آف کامرس کے سینئر رہنما محمد گل کاکڑ، شاہجہان کاکڑ، حاجی علی گل کاکڑ، امیر حمزہ کاکڑ کے بھائی چیمبر آف کامرس بلوچستان کے نائب صدر میر وائس کاکڑ کے چچا، حاجی محمد انور ریسانی، حاجی محمد یاسین ریسانی، ملک فاضل لہڑی کے کزن ...



جمہوری وطن پارٹی کے مرکزی نائب صدر نوابزادہ ... میں قبائلی رہنما بڈو رسالدار مرحوم کی فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

بلوچستان میں نفرت ولوٹ مار کا بازار گرم ہے، مرتضیٰ خان کاکڑ

بارڈر بندش سے بلوچستان میں مزید تیس لاکھ افراد بے روزگار ہوئے ہیں

کوئٹہ (پ ر) جنرل سیکرٹری جماعت اسلامی بلوچستان مرتضیٰ خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو انسان نہ سمجھنے کی غلطی بہت بڑی ہے بلوچستان کے وسائل پر قابض قوتیں لٹیرے اور چور ہیں ان قوتوں نے ذاتی بینک بیلنس میں اضافے کیساتھ بلوچستان میں نفرت ولوٹ مار کا بازار گرم کیا ہوا ہے ... کیا ہے ایران افغانستان سے تجارت اہل بلوچستان کا قانونی آئینی حق ہے اس حق سے ہم کیوں ہٹ جائے جماعت اسلامی کے کامیاب لانگ مارچ سے عوام کے مسائل کے حل کی راہ ہموار ہوگی ... آبادلانگ مارچ کے بعد انشاء اللہ مذاکرات کے ذریعے پیش کیے گئے مطالبات منوانے کی کوشش کریں گے۔

بلدیاتی انتخاب مسائل کے حل میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، ملک عبدالحمید خان

پی پی کی اکثریت کیلئے پارٹی امیدواروں کیلئے ووٹ کے حصول کیلئے مہم تیز کی جائے، صوبائی فنانس

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما و سابق صوبائی فنانس سیکرٹری ملک عبدالحمید خان، سابق ٹکٹ ہولڈر عبدالشکور، کچلاک کے صدر محمد صادق کاکڑ اور دیگر نے کہا ہے کہ بلدیاتی ادارے عوام کے مسائل حل کرنے میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں پاکستان پیپلز پارٹی بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کریگی کارکن پارٹی امیدواروں کی کامیابی کیلئے دن رات محنت کریں یہ بات انہوں نے ہفتہ کو ملک عبدالحمید کاکڑ کی رہائش گاہ پر بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے پارٹی کے رہنماؤں اور سابق امیدواروں اور بلدیاتی ٹکٹ ہولڈرز کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات کیلئے ہر یونین کونسل میں مضبوط امیدوار کھڑے ہیں کارکن امیدواروں کی کامیابی کیلئے ڈور ٹو ڈور انتخابی مہم چلائیں تاکہ زیادہ سے زیادہ پیپلز پارٹی کے امیدوار کامیاب ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے عوام کے مسائل انکی دہلیز پر حل کرنے میں مدد ملے گی اور انشاء اللہ پاکستان پیپلز پارٹی بلدیاتی انتخابات میں کامیابی حاصل کر کے عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کو یقینی بنائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ملک کی سب سے بڑی سیاسی و جمہوری جماعت ہے جو عوام کی بالادستی پر یقین رکھتی ہے اور انشاء اللہ پارٹی عوام کے اعتماد کو کبھی بھی ٹھیس نہیں پہنچائے گی انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں 28 دسمبر کو پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں۔

رات کو گیس کی بندش کا کوئی جواز نہیں بنتا، عبدالستار شاہ چشتی

عدالتی فیصلے کے بعد رات کی لوڈ شیڈنگ شروع ہوئی جس میں بلوں میں کمی کا حکم دیا گیا تھا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی نے شدید سردی میں رات کو کوئٹہ میں ہر رات 10 بجے سے صبح تک گیس کی بندش پر تعجب کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ رات کو گیس کی بندش کی کوئی جواز نہیں البتہ اکثر گھریلو خواتین رات ہی کو کھانا پکاتے ہے اور گیس کے لوڈ شیڈنگ نے شہریوں کو شدید اذیت میں مبتلا کر رکھا ہے گرمیوں میں گیس کی طلب میں نمایاں کمی کے باوجود گیس بندش کا سلسلہ برقرار ہے، جس پر نہ عوامی حلقے سخت تحفظات کا اظہار کر رہے ہیں۔ بلکہ شہری علاقوں اکثر گھروں میں کھانے پکانے کا دس بجے کی معمول ہے لیکن دس بجے گیس کی بندش نے شہریوں کو پریشانی میں مبتلا کیا ہے اور سردیوں میں گیس کی قلت کی حد تک قابل فہم ہوتی ہے ... کے بعد شروع ہوئی جس میں گیس بلوں میں کمی کا حکم دیا گیا تھا، جس کے بعد سے گیس کی فراہمی میں بدترین تعطل پیدا ہو گیا۔ انہوں نے کہا کہ رات کو دیر سے آنے والے مہمانوں کیلئے بھی پریشانیوں کا سامنا ہوتا ہے انہوں نے رات کو گیس کے بندش کو بلا جواز قرار دیتے ہوئے سوئی گیس کمپنی کے اعلیٰ حکام سے فوری طور رات گیس بند کرنے کا سلسلہ ختم اور گیس کے فراوی کو بحال رکھنے اور شہریوں کے مشکلات ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے عوام کا کہنا ہے کہ نہ تو اس بندش پر حکومتی سطح پر کوئی وضاحت پیش کی گئی ہے، نہ ہی میڈیا یا اسمبلی میں اس پر سنجیدگی سے بات کی گئی ہے۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ گیس لوڈ شیڈنگ کی اصل وجوہات سامنے لائی جائیں، گرمیوں میں بلا جواز بندش فوری طور پر ختم کی جائے ...

گیس لوڈشیڈنگ نے عوام کو ذہنی اذیت میں مبتلا کر رکھا ہے، اصغر حیدری

کوئٹہ: ... کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

NATIONAL UNIVERSITY OF SCIENCES & TECHNOLOGY (NUST)
BALOCHISTAN CAMPUS, QUETTA

NUST
NATIONAL UNIVERSITY OF SCIENCES & TECHNOLOGY

TENDER NOTICE

PROCUREMENT OF STATIONERY ITEMS

1. NUST Balochistan Campus (NBC), Quetta hereby invites sealed bids from well-established, experienced and financially sound manufacturer & suppliers for "**Procurement of Stationery Items for NUST Balochistan Campus (NBC), Quetta**" who are registered with PPRA for E-Procurement on "E-Pak Acquisition and Disposal system (E-PADS)".

Sr.	Subject	Method	Bid Submission Date and Opening Time
a.	**Procurement of Stationery Items for NUST Balochistan Campus (NBC), Quetta**	Single Stage Single Envelope Procedure	Bid Submission on **29 Dec 2025** at **1030 hrs.** Opening time at **1100 hrs.**

2. **Tender Processing Fee of Rs. 5,000/-** must be provided **in original** at the time of technical bid opening in the shape of Pay Order/Bank Draft in favour of '**PETTY CASH NUST CAMPUS QUETTA**'.
3. The complete set of bidding documents containing description and detailed terms & conditions are available on E-PADS website **(www.eprocure.gov.pk)**. Bidders may obtain further information from Procurement Branch, NUST Balochistan Campus (NBC), Kach Road, near Sheikh Mohammad Bin Zayed Al Nahyan Cardiac Centre, Quetta, Phone No: 081-9085113.
4. All e-bids must be submitted through EPADS as per above mention schedule.
5. NUST may reject all bids at any time prior to the acceptance of a bid by invoking rule 33 of Public Rule (PPR).2004.

AD Procurement
Procurement Branch
NUST Balochistan Campus (NBC), Kach Road, near Sheikh Mohammad Bin Zayed Al Nahyan Cardiac Centre, Quetta, Phone No: 081-9085113

U.A.N: 111-116-878 nust_official www.nust.edu.pk

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

کوئٹہ شہر عرصہ دراز سے بلدیاتی نمائندوں سے محروم اور مسائلستان بنا ہوا ہے، عبدالخالق ہزارہ

ایک طرف شہر پر پیراشوٹرز اور مافیائی نمائندے مسلط کردیئے گئے ہیں تو دوسری طرف شہر کو ٹھیکیداروں کے حوالے کرکے تباہ کیا گیا

جعلی حکومت اور آکشن کے پیداوار اسمبلی ممبران کو صوبے اور کوئٹہ شہر کے مسائل سے دلچسپی نہیں جس کی وجہ سے مسائل بڑھ رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین عبدالخالق ہزارہ، نائب چیئرمین اول مرزا حسین ہزارہ، نائب چیئرمین عزیز اللہ ہزارہ، جنرل سیکرٹری احمد علی کوہزاد، ڈپٹی سیکرٹری محمد رضا ہزارہ، سیکرٹری اطلاعات قادر علی نائل، آرگنائزنگ سیکرٹری غلام رضا پارٹی کے ضلعی عہدیداروں و مختلف حلقوں سے نامزد امیدواروں نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر طویل عرصے سے بلدیاتی نمائندوں سے محروم اور نااہل افراد کی عدم توجہی کی وجہ سے مسائلستان بنا ہوا ہے ایک طرف اس شہر پر پیراشوٹرز اور مافیائی نمائندے مسلط کردیئے گئے ہیں تو دوسری طرف اس شہر کو ٹھیکیداروں کے حوالے کرکے تباہی مچادی گئی ہے ان خیالات کا اظہار رہنماؤں نے مختلف یونین کونسلوں کے امیدواروں کے انتخابی دفاتر کے افتتاح اور کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ جعلی حکومت اور آکشن کے پیداوار اسمبلی ممبران کو اس صوبے اور کوئٹہ شہر کے حقیقی مسائل سے دلچسپی نہیں ہے ان لوگوں نے کبھی عام افراد سے کسی طرح کا تعلق رکھا یہی وجہ ہے کہ عوام کے بنیادی مسائل میں کمی کی بجائے ہر روز، روزانہ کی بنیاد پر اضافہ ہوتا نظر آتا ہے صوبائی اسمبلی میں ہزارہ قوم کی نمائندگی چھننے کا ایک بڑا اور واضح نقصان یہ ہوا کہ ہمارے سیاسی روابط ختم کرنے اور عوام کے مسائل کی نشاندہی و آئین سازی کے ذریعے تبدیلی لانے والی فورم سے ہمیں محروم کیا گیا جبکہ سیاست میں ایک نئی رواج یعنی چند سو ووٹ لینے والے فرد کو ہزاروں کی تعداد میں ووٹ اور عوامی اعتماد حاصل کرنے والے پر برتری دینے کا طریقہ رائج کیا گیا انہوں کہا کہ اس طرح کے طرز عمل سے عام فرد کا اعتماد جمہوریت اور جمہوری عمل پر سے ختم ہونے کے قوی امکانات ہے جس کا نقصان اور اداراجاتی طور پر ہر شعبہ زندگی پر اثر انداز ہوسکتا ہے ایچ ڈی پی

جعفرآباد، ڈپٹی کمشنر خالد خان سکول کے دورے کے موقع پر بچوں سے خطاب کر رہے ہیں

ڈیرہ بگٹی: غیر قانونی منی پیٹرول پمپس کے خلاف کارروائیاں

ڈیرہ بگٹی (اے این این) اسسٹنٹ کمشنر سوئی صادق خان نے سوئی بازار میں غیر قانونی طور پر چلنے والے منی پیٹرول پمپس اور غیر رجسٹرڈ پیٹرول یونٹس کے خلاف بھرپور کارروائی کرتے ہوئے متعدد یونٹس کو فوری طور پر سیل کردیا کارروائی کے دوران اسسٹنٹ کمشنر سوئی کے ہمراہ تھانہ سوئی کے پولیس افسران اور نفری بھی موجود تھی، جنہوں نے آپریشن میں مکمل تعاون فراہم کیا۔ انتظامیہ نے اس بات پر زور دیا کہ غیر قانونی پیٹرول کی فروخت نہ صرف قانون شکنی ہے

پرائس کنٹرول کمیٹی قیمتوں کی کڑی نگرانی کرے، اے سی تربت

عوام کو مہنگائی سے ریلیف فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے

تربت (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر تربت محمد حنیف کبزئی کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں شہر میں اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں کو مستحکم رکھنے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن تربت شعیب ناصر، ڈپٹی ڈائریکٹر انڈسٹریز اینڈ کامرس فہد رحیم، انچارج پرائس کنٹرول کمیٹی نیاز احمد، انجمن تاجران تربت کے نمائندگان، پولٹری فارمز کے صدر حاجی کریم زہری، حافظ ابراہیم، مچھلی فروشوں کے نمائندے رحمت سمیت دیگر متعلقہ افراد نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران باہمی مشاورت سے مرغی، سبزیوں، روٹی، راشن اور مچھلی سمیت روزمرہ استعمال کی اہم اشیائے خورد و نوش کے نرخ باقاعدہ طور پر مقرر کیے گئے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر محمد حنیف کبزئی نے واضح ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ مقررہ نرخوں پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا، خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح عوام کو مہنگائی سے ریلیف فراہم کرنا ہے، اس لیے پرائس کنٹرول کمیٹی متحرک کردار ادا کرے اور مارکیٹوں میں قیمتوں کی کڑی نگرانی کرے۔

یو او جی اور پاکستان بیت المال کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط

ایم او یو کے تحت مستحق طلبہ کو تعلیمی وظائف اور مالی معاونت فراہم کی جائے گی

فلائی جناح نے گھریلو فضائی سروس کا آغاز کردیا

افتتاحی پرواز کو روایتی واٹر سلوٹ کے ساتھ خوش آمدید کہا گیا

ایئر پورٹ حکام کا آپریشنل ضروریات کے انتظام میں مکمل تعاون

فیصل آباد (خصوصی رپورٹ) فلائی جناح نے فیصل آباد (LYP) اور کراچی (KHI) کے درمیان اپنی نئی گھریلو فضائی سروس کے آغاز کا شاندار افتتاحی تقریب کے ساتھ جشن منایا، جو فیصل آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر منعقد ہوئی۔ یہ نئی سروس ہر ہفتے میں چار پروازیں چلائے گی، جس سے مسافروں کو مزید سہولت، مناسب کرایے، اور بہتر سفری آپشنز فراہم ہوں گے — ایک ایسا روٹ جو پہلے صرف پی آئی اے چلا رہی تھی۔ افتتاحی پرواز کو 1653 بجے روایتی واٹر سلوٹ کے ساتھ خوش آمدید کہا گیا، جو فیصل آباد کی ابھرتی ہوئی ایوی ایشن سرگرمیوں کی علامت ہے۔ گراؤنڈ ہینڈلنگ کی خدمات ایم/ایس آرا ایس مینزی ?؟ فراہم کر رہی ہے، جبکہ ایئرپورٹ حکام کی جانب سے آفس اسپیس، سیکیورٹی کلیئرنس، اور تمام آپریشنل ضروریات کے انتظام میں مکمل تعاون کیا گیا۔ یہ متوقع روٹ عوامی demand کے جواب میں متعارف کروایا گیا ہے اور فیصل آباد اور اس کے گردونواح کے لیے فضائی رابطے کو مزید مضبوط بناتا ہے۔ یہ شہر اور ہمارا ایئرپورٹ ڈی جی پی اے اے، ڈی ڈی جی ایئرپورٹس، اور ڈی۔ اے پی ایس کے شکرگزار ہیں کہ انہوں نے ایل وائی پی میں نئی ایئر

ڈی آر اے سمیت ملازمین کے تمام مطالبات تسلیم کئے جائیں، راز محمد شیرانی

ملازمین بدترین مہنگائی اور شدید معاشی دباؤ کے باعث سخت مشکلات کا شکار ہیں

ژوب (این این آئی) بلوچستان گرینڈ الائنس ایکشن کمیٹی کے ترجمان راز محمد شیرانی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ سرکاری ملازمین کی نمائندہ تنظیمیں حکومت وقت سے پرزور مطالبہ کرتی ہیں کہ سرکاری ملازمین کی ڈی آر اے (Reduction Disparity Allowance) اور دیگر تمام جائز مطالبات کو فوری طور پر تسلیم کیا جائے بلوچستان بھر کے سرکاری ملازمین شدید مہنگائی، معاشی دباؤ اور بڑھتے ہوئے اخراجات کے باعث سخت مشکلات کا شکار ہیں۔ اس صورتحال میں ڈی آر اے اور دیگر واجب الادا مراعات ملازمین کا بنیادی حق ہیں، جنہیں مسلسل نظرانداز کیا جا رہا ہے۔ ملازمین کی تنخواہیں اور الاؤنسز موجودہ مہنگائی کے تناسب سے انتہائی ناکافی ہو چکے ہیں۔ ہم حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ سرکاری ملازمین کے مسائل کو سنجیدگی سے حل کیا جائے، ڈی آر اے کا فوری اعلان کیا جائے اور دیگر جائز مطالبات پر بلاتاخیر عملدرآمد یقینی بنایا جائے تاکہ ملازمین کو معاشی تحفظ حاصل ہو اور وہ یکسوئی کے ساتھ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں ادا کرسکیں اگر حکومت نے سرکاری ملازمین کے مسائل کو نظرانداز کرنا جاری رکھا تو ملازمین اپنے آئینی و جمہوری حق کے تحت احتجاج کا دائرہ وسیع کرنے پر مجبور ہوں گے، جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی۔

یونیورسٹی آف تربت کا اعلامیہ

تربت (خ ن) یونیورسٹی آف تربت 15 دسمبر 2025 کو انڈر گریجویٹ پروگرامز کے انٹری ٹیسٹ میں شرکت کرنے والے امیدواروں کو ٹرانسپورٹ کی سہولت فراہم کرے گی۔ امیدواروں کو امتحانی مراکز (مین کیمپس) تک پہنچانے کے لیے بسیں درج ذیل مقامات اور اوقات پر دستیاب ہوں گی: تاریخ: پیر 15 دسمبر 2025۔ ہوشاب سے روانگی: صبح 7:30 بجے۔ ناصر آباد سے روانگی: صبح 7:30 بجے۔ لاء ڈیپارٹمنٹ سے مین کیمپس روانگی: صبح 8:30 بجے۔ امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے

دہشتگردی کے خاتمے کیلئے سیکورٹی فورسز کا کردار لائق تحسین ہے، زرک مندوخیل

دہشت گردی کے واقعات کے تناظر میں وفاقی و صوبائی حکومتیں کہہ چکی ہیں کہ دہشت گردوں کو ان کے منطقی انجام تک پہنچائیں گے

حلقہ انتخاب میں ترقیاتی کاموں کا آغاز کردیا ہے جن کی تکمیل سے عوام مستفید ہونگے، عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کیے جائیں گے

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما و رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ بلوچستان میں دہشت گردوں کے قلع قمع کے لئے سیکورٹی فورسز متحرک کردار ادا کررہی ہیں وہ دن دور نہیں جب بلوچستان میں امن بحال ہوگا اور صوبہ ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن ہوگا عوامی مسائل کے حل ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھا رہے ہیں یہ بات انہوں نے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے واقعات کے تناظر میں وفاقی و صوبائی حکومتیں کہہ چکی ہیں کہ دہشت گردوں کو ان کے منطقی انجام تک پہنچائیں گے انہوں نے کہا کہ امن و امان پر تنقید کرنے والوں کو سیکورٹی فورسز کی ایسی کامیاب کارروائیوں کو بھی سراہنا چاہیے آج پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی بہادر فورسز کے ساتھ کھڑی ہے دہشت گردوں کو بالآخر شکست ہوگی اور بلوچستان میں پائیدار قیام امن کا عزم عملی تعبیر اختیار کرے گا انہوں نے کہا کہ حلقہ انتخاب میں ترقیاتی کاموں کا آغاز کردیا ہے جس سے عوام جلد استفادہ حاصل کرے گی عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔

ڈیرہ مراد جمالی: دو افراد سے موٹر سائیکلیں چھین لی گئیں

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں دو افراد سے گن پوائنٹ پر موٹر سائیکلوں سمیت نقدی اور موبائل فونز چھین لیے گئے ملزمان فرار ہوگئے پولیس کے مطابق صدر پولیس تھانے کی حدود ربی پل کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر ظہور احمد رند سے موٹر سائیکل نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے

گورنر جعفر خان مندوخیل سے نادرگلی ایوزئی نوجوان ایکشن کمیٹی ژوب کا وفد ملاقات کر رہا ہے

شرح سود اور بجلی کے نرخ کم نہ ہوئے تو معاشی بحران سنگین تر ہوگا، سید امان شاہ

سرمایہ کاری و کاروباری بحالی کیلئے شرح سود میں فوری کمی ناگزیر ہے، رہنما اے بی پی

مہنگائی کا بوجھ کم کرنے کیلئے شرح سود اور بجلی قیمتوں میں فوری کمی کی جائے، مطالبہ

میر عبید گورگیج نے عوام کے دوٹوں کا حق ادا کردیا، میر شاہ اللہ جتک

جے یو آئی اسلامی اقدار اور فلاحی سیاست پر یقین رکھتی ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

کوئٹہ کے نظام کار کو سنبھالنے کے لیے خدا ترس، دیانت دار اور انسانیت دوست امیدوار میدان میں اتر چکے ہیں

جے یو آئی عوامی خدمت اور اسلامی اقدار کی حامل جماعت ہے، بلدیاتی انتخابات میں بھرپور کامیابی حاصل کرے گی

عوام بلدیاتی انتخابات میں پیپلز پارٹی کے امیدواروں کو کامیاب بنائیں، لیاقت لہڑی

پیپلز پارٹی حقیقی معنوں میں عوام کی پارٹی ہے جو ہر سوچ اور ہر طبقے کو ساتھ لے چلتی ہے اور ان کے مسائل حل کرتی ہے، زبیر خان برڑیچ

بلوچستان میں پیپلز پارٹی کو متحرک، فعال اور مضبوط بنانا ہے، جیالے مضبوط اور متحرک ہوکر عوامی خدمت میں مصروف ہیں، عبدالجبار خلجی

29 دسمبر کا سورج ہماری کامیابی کی نوید لے کر روشن ہوگا، روی کمار

بہترین کارکردگی کی وجہ سے کامیاب ہوکر عوام کی خدمت کا تسلسل برقرار رکھیں گے

صحبت پور میں تعمیر و ترقی کا نیا باب رقم ہورہا ہے، میر معین الدین کھوسہ

صوبائی وزیر سلیم احمد کھوسہ کی قیادت میں ترقیاتی منصوبوں میں تیزی آئی ہے

بچوں کی زندگی اور صحت کے تحفظ کیلئے حفاظتی ٹیکہ جات ان کا حق ہے، قاری عبدالرشید

اسلامی شریعت والدین کو اس امر کا مکلف بناتی ہے کہ وہ اولاد کی نشونما کے ضمن میں ماں اور بچے کی صحت کی حفاظت کریں

والدین کا فرض ہے کہ وہ اپنے نومولود بچوں کو ایسی بیماریوں کے خطرات سے محفوظ رکھیں جو ان کی نشونما میں رکاوٹ پیدا کرسکتے ہیں

تربت، اسسٹنٹ کمشنر محمد حنیف کبزئی کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کے اجلاس میں اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں کے تعین اور عوامی ریلیف کے اقدامات پر تفصیلی غور و خوض کیا جارہا ہے



FRANCHISE CALL BALOCHISTAN

AVAILABLE SITES
- QUETTA
- HUB
- PISHIN
- DERA MURAD JAMALI
- DERA ALLAH YAR
- KHUZDAR
- TURBAT
- SUI
- GWADAR
- AND OTHERS

Why Choose Dar-e-Arqam?
- **Quality Education with Islamic Values:** A perfect blend of modern academics and Islamic teachings
- **Nationwide Network:** One of Pakistan largest school systems with campuses across the country
- **Holistic Curriculum:** Focus on academics, Qur'anic education, and character building.
- **Highly Qualified Faculty:** Dedicated and trained teachers ensuring excellence in education
- **Qur'anic & Islamic Studies:** Nazra, Tajweed and Hifz programs for spiritual and moral development
- **Modern Learning Techniques:** Smart classrooms, interactive learning and co-curricular activities.
- **Safe & Supportive Environment:** Encouraging creativity, confidence and ethical values

VISIT US:
FAIZABAD BRANCH:
Near Tariq Hospital, Saryab Road, Quetta.
Cell: 0309-1089433
sariab.road@das.edu.pk

CONTACT US:
HEAD OFFICE:
Plaza,58, Sector D Block D CCA2 Sector 6 DHA, Lahore
0300 4024448, 0314 8154445
0308 7688288

quetta.city@das.edu.pk | www.das.edu.pk

نجی نرسنگ کالج میں تعلیمی و عملی نمائش کا انعقاد کیا گیا

نرسنگ اداروں کے پرنسپلز اور طبی شعبہ سے وابستہ شخصیات نے شرکت کی

کوئٹہ (آن لائن) ویژن کالج آف نرسنگ اینڈ الائیڈ ہیلتھ سائنسز کے زیر اہتمام ایک شاندار تعلیمی و عملی نمائش کا انعقاد کیا گیا، جس میں بلوچستان بھر کے نرسنگ اداروں کے پرنسپلز، فیکلٹی ممبران اور شعبہ صحت سے وابستہ معزز شخصیات نے بھرپور شرکت کی۔ نمائش کا بنیادی مقصد طلبہ و طالبات کی علمی استعداد، پیشہ ورانہ مہارتوں اور عملی تربیت کو اجاگر کرنا تھا، جسے شرکاء کی جانب سے بے حد سراہا گیا۔ تقریب میں خصوصی طور پر انیلا سمرین (بلوچستان کی پہلی پی ایچ ڈی نرس)، سلمیٰ گل پرنسپل کالج آف نرسنگ ایس کے بی زیڈ، اسٹرونوین پرنسپل فاطمہ کالج آف نرسنگ، قسیم احمد خان پرنسپل رائل بولان کالج آف نرسنگ، منظور احمد رئیسانی چیف نرسنگ سپرنٹنڈنٹ، ریاض لونی پرنسپل کالج آف نرسنگ پشین، روبینہ سردار اسسٹنٹ پروفیسر، آسیہ سرور اسسٹنٹ پروفیسر، زینب اسسٹنٹ پروفیسر، ایم یکجی نرسنگ انسٹرکٹر، روز خاتون نرسنگ انسٹرکٹر، عبدالحمید خان، حیدر خان، انعام اللہ خان، مزمل طارق، اسسٹنٹ پروفیسر عبدالکریم، نرسنگ انسٹرکٹر اویس خان، زاہد بلوچ اسسٹنٹ ڈائریکٹر رائل بولان کالج آف نرسنگ، شکیل احمد حسنی اسسٹنٹ نرسنگ سپرنٹنڈنٹ، عبدالحمید، جمیل احمد، محمد عمیر خان، شافی مرتضیٰ حسنی اور ڈاکٹر طاہرہ (پی ایچ ڈی فارماکولوجی) سمیت

غیر ملکی میڈیکل اور ڈینٹل گریجویٹس کیلئے این آر ای شیڈول جاری

نیشنل رجسٹریشن امتحان 14 دسمبر کو بڑے علاقائی مراکز میں منعقد کیا جائے گا

اسلام آباد (شاکر رحمان) غیر ملکی میڈیکل اور ڈینٹل گریجویٹس کے لیے نیشنل رجسٹریشن امتحان 14 دسمبر 2025 کو ہوگا، غیر ملکی میڈیکل اور ڈینٹل گریجویٹس کے لیے نیشنل رجسٹریشن امتحان (NRE) ملک بھر کے بڑے علاقائی مراکز میں منعقد کیا جا رہا ہے۔ نیشنل رجسٹریشن امتحان 14 دسمبر 2025 کو منعقد ہوگا، جو پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (PM&DC) کی پالیسی کے مطابق نیشنل یونیورسٹی آف میڈیکل سائنسز (NUMS)، راولپنڈی کے زیر انتظام لیا جائے گا۔ اعداد و شمار کے مطابق، مجموعی طور پر 7,076 میڈیکل اور ڈینٹل گریجویٹس نے PM&DC کے ساتھ رجسٹریشن کروائی ہے اور وہ کل ہونے والے امتحان میں شرکت کریں گے، جن میں 6,989 میڈیکل اور 87 ڈینٹل گریجویٹس شامل ہیں۔ پی ایم ڈی سی کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق، امتحان ملک بھر میں چار مراکز پر منعقد کیا جائے گا۔ اسلام آباد/راولپنڈی میں 2,358 میڈیکل اور 43 ڈینٹل امیدوار، کراچی میں 499 میڈیکل اور 4 ڈینٹل امیدوار، لاہور میں 3,562 میڈیکل اور 30 ڈینٹل امیدوار، جبکہ پشاور میں 570 میڈیکل اور 10 ڈینٹل امیدوار امتحان میں شرکت کریں گے۔ یہ تمام امیدوار غیر ملکی تعلیمی اداروں سے میڈیکل اور ڈینٹل ڈگریاں حاصل کرنے والے گریجویٹس ہیں جو پاکستان میں میڈیکل اور ڈینٹل لائسنس حاصل کرنے کے خواہاں ہیں۔ PM&DC پالیسی کے مطابق، کوئی بھی غیر ملکی گریجویٹ اس وقت تک عارضی یا

کوئٹہ: ذخیرہ اندوزوں اور گرانفروشوں کیخلاف کارروائیاں، 5 گرفتار

شوگر سے متعلق حکومتی پالیسیوں پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا اور دکانوں پر قیمتوں، دستیابی اور ریکارڈ کی باقاعدہ جانچ پڑتال کی گئی

کچلاک بازار میں زائد قیمتیں وصول کرنے والے پولٹری فارمز اور پولٹری شاپس کے خلاف مؤثر کارروائیاں عمل میں لائی گئیں

کوئٹہ (خ ن) ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے شہر میں چینی کی قیمتوں میں کمی اور مہنگا پولٹری فارم اور شاپ کے حوالے سے مختلف مارکیٹوں کا معائنہ کیا گیا اس حوالے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر اسپیشل مجسٹریٹ ڈاکٹر عمران زیب نے محکمہ انڈسٹری کے حکام کے ساتھ شہر کی مختلف مارکیٹوں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر شوگر سے متعلق حکومتی پالیسیوں پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا اور دکانوں پر قیمتوں، دستیابی اور ریکارڈ کی باقاعدہ جانچ پڑتال کی گئی ضلعی انتظامیہ نے کہا کہ حکومت کی جانب سے مقررہ نرخ اور قواعد کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ ضلعی انتظامیہ نے کہا کہ عوام کو مہنگائی سے ریلیف دینے کے لیے اور ذخیرہ اندوزوں کے خلاف روزانہ کے بنیاد پر کارروائیاں کی جائیں گی۔ اس کے علاوہ اسسٹنٹ کمشنر کچلاک احسام الدین کاکڑ کی ہدایت پر کچلاک بازار میں زائد قیمتیں وصول کرنے والے پولٹری فارمز اور پولٹری شاپس کے خلاف مؤثر کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ کارروائی کے دوران 5 افراد کو موقع پر گرفتار کرکے جیل منتقل کردیا گیا، جبکہ متعدد دکانداروں اور پولٹری فارمز کو سرکاری نرخ نامہ کی خلاف ورزی پر سخت وارننگز جاری کی گئیں۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا کہ سرکاری نرخ نامہ پر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، اور عوام سے زیادہ قیمتیں وصول کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں مستقل بنیادوں پر جاری رہیں گی۔

پولیو کا خاتمہ حکومت اور معاشرے کی مشترکہ و قومی ذمہ داری ہے، ڈی سی کوئٹہ

پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز کردیا ہے جس میں 420,341 بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے

1620 ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جبکہ مہم کی حفاظت اور موثر نگرانی کے لیے 1430 سیکیورٹی اہلکار ڈیوٹی انجام دیں گے

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت 15 دسمبر 2025 سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں ریڈینس اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں ڈی ایچ او کوئٹہ، این اسٹاف، پولیس حکام اور متعلقہ پولیو آفیسران نے شرکت کی۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ پولیو مہم کے دوران 420,341 بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے۔ اس مقصد کے لیے 1620 ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جبکہ مہم کی حفاظت اور موثر نگرانی کے لیے 1430 سیکیورٹی اہلکار ڈیوٹی دیں گے۔ اجلاس میں پولیو ٹیموں اور عوام کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے جامع سیکیورٹی پلان بھی مرتب کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیو کا خاتمہ حکومت اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں تاکہ مستقبل کی نسل کو مستقل معذوری سے بچایا جاسکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ پولیو ورکرز کی مکمل معاونت کرے گی اور مہم کے دوران کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے تمام ٹیموں کو بروقت، مستعد اور ذمہ دارانہ کارکردگی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے بچے کو حفاظتی قطرے پلا کر ضلع بھر میں پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح بھی کردیا۔

غیرت کے نام پر قتل کے مقدمہ میں استعمال ہونے والا آلہ قتل برآمد

مرکزی قائدین کے ساتھ احتجاج کرینگے، صحبت خان مندوخیل

حکومت کی ہٹ دھرمی کے باعث ملازمین ایک بار پھر احتجاج پر مجبور ہوئے ہیں

سبی لہڑی کی ترقی عوام کی خوشحالی سمیت تمام سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، دینار خان

صوبائی وزیر صنعت و حرفت کی جانب سے میگا منصوبوں میں تیزی لائی گئی ہے، وائس چیئرمین لہڑی اتحاد

جعفرآباد، ڈپٹی کمشنر خالد گورنمنٹ بوائز ہائی سکول تزئین و آرائش کے کام کا افتتاح کر رہے ہیں

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹوایڈیٹر:۔پرنٹروپبلشرسیدکامران ممتازنے ایم ای ایم(پرائیویٹ)لمیٹڈکیلئے مشرق پریس سے چھپواکر A-4ماڈل ٹاؤن حالی روڈکوئٹہ سے شائع کیا۔چیف ایڈیٹرسیدممتازاحمد
ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔2835934-2830228
ای میلmashriqqta2008@gmail.com

اتوار14دسمبر2025ء

وزیراعظم کا عزم: اصلاحات کا سفر، استحکام اور روشن مستقبل کی نوید!!

وزیراعظم شہبازشریف نے معیشت کی بحالی واستحکام کے لئے جاری اقدامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومتی اقدامات کی بدولت ملک معاشی بحران سے نکل آچکا ہے۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روز نیشنل ریگولیٹری ریفارمز کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ جب ہم نے حکومت سنبھالی تو ملکی معیشت زبوں حالی کا شکار اور نازک صورتحال سے دوچار تھی، پالیسی ریٹ معیشت کو مفلوج کر چکا تھا،مہنگائی بے قابو اور ملک میں کاروباری سرگرمیاں جمود کا شکار تھیں،بیرون ممالک سے سرمایہ کاری رک گئی تھی، ملک مکمل طور پر دیوالیہ ہونے کے دہانے پر کھڑا تھا ہماری حکومت نے امید کا دامن نہیں چھوڑا، بہتر حکمت عملی سے چیلنجز کا مقابلہ کیا اور ایک پوری ٹیم ورک کے ذریعے دن رات کام کر کے ملک کو اس دلدل سے نکالا۔انہوں نے کہا کہ آج الحمدللہ پاکستان معاشی بحران سے نکل چکا ہے،معاشی اشارئے بہت بہتر ہو چکے ہیں،غیر ملکی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوا اور ملک میں سرمایہ کاری میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے ،پشاور سے لے کر کراچی تک معاشی سرگرمیاں جاری ہیں،غیر ملکی ادارے بھی ہماری مثبت پالیسوں کے معترف ہیں۔جیسا کہ وزیراعظم شہبازشریف نے کہا ہے عین حقیقت بھی یہی ہے کہ مشکل، نامساعد اور گوناگوں چیلنجز سے لبریز حالات میں حکومت مشکل اور کڑے فیصلے کر کے معیشت کی کشتی کو طوفانی بھنور سے نکالا۔گزشتہ چند برسوں کے دوران شدید معاشی مشکلات، عالمی دباؤ، اندرونی چیلنجز اور غیر یقینی صورتحال سے ہم گزرتے آئے ہیں مہنگائی کی بلند شرح، زرمبادلہ کے کم ہوتے ذخائر،سرمایہ کاری کا فقدان اور کاروباری سرگرمیوں میں جمود نے عام آدمی سے لے کر صنعتی وتجارتی حلقوں تک سب کو متاثر کیا۔تاہم وزیراعظم شہبازشریف کی قیادت میں موجودہ وفاقی حکومت نے نہ صرف ان چیلنجز کا جرات مندانہ مقابلہ کیا بلکہ دانشمندانہ فیصلوں، سخت مگر ضروری اقدامات اور ادارہ جاتی اصلاحات کے ذریعے ملک کو معاشی بحران سے نکال کر ترقی کی راہ پر ڈال دیا ہے۔وزیراعظم نے ہفتہ کے روز نیشنل ریگولیٹری ریفارمز کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پورے اعتماد اور اطمینان کے ساتھ اعلان کیا کہ پاکستان اب معاشی بحران سے نکل چکا ہے اور ترقی کی جانب رواں دواں ہے ان کا یہ بیان بہتر ہوتے معاشی اشاریوں اور عالمی اداروں کے اعتماد کی بحالی کا عکاس ہے۔وزیراعظم شہبازشریف نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کاروباری طبقہ اور عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے پیچیدہ قوانین، غیر ضروری ضوابط اور طویل طریقہ کار سے نالاں تھے۔سرمایہ کاروں،صنعت کاروں اور تاجروں کو جن مشکلات کا سامنا تھا، وہ معاشی ترقی کی راہ میں ایک بڑی رکاوٹ بن چکی تھیں۔ایسے میں نیشنل ریگولیٹری ریفارمز کا اجرا ایک اہم سنگ میل ہے جو پاکستان کو ایک کاروبار دوست اور سرمایہ کاری کے لئے سازگار ملک بنانے میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔انہوں نے ان اصلاحات پر معاون خصوصی ہارون اختر اور ان کی پوری ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ اقدامات نہ صرف کاروباری برادری بلکہ عام شہریوں کے دیرینہ مسائل کے حل کی جانب ایک عملی قدم ہیں۔ان اصلاحات کے نتیجے میں شفافیت بڑھے گی، غیر ضروری رکاوٹیں ختم ہوں گی اور گڈگورننس کو فروغ ملے گا۔وزیراعظم نے ماضی کی صورتحال کا ذکر کرتے ہوئے واضح کیا کہ جب موجودہ حکومت نے اقتدار سنبھالا تو ملک شدید معاشی بحران کا شکار تھا۔پالیسی ریٹ نے معیشت کو مفلوج کر رکھا تھا، مہنگائی بے قابو تھی،کاروباری سرگرمیاں ٹھپ ہو چکی تھیں اور غیر ملکی سرمایہ کاری تقریباً رک گئی تھی۔پاکستان عملی طور پر دیوالیہ ہونے کے دہانے پر کھڑا تھا۔ایسے نازک حالات میں حکومت کے لئے آسان راستہ اختیار کرنے کے بجائے مشکل مگر درست فیصلے کرنا ناگزیر تھا۔وزیراعظم شہبازشریف نے کہا کہ حکومت نے امید کا دامن نہیں چھوڑا بلکہ بہتر حکمت عملی،مربوط پالیسیوں اور ٹیم ورک کے ذریعے دن رات محنت کر کے ملک کو اس دلدل سے نکالا۔آج الحمدللہ پاکستان کی معیشت ایک بار پھر سنبھل چکی ہے۔مہنگائی میں بتدریج کمی، زرمبادلہ کے ذخائر میں بہتری، کرنسی میں استحکام اور کاروباری سرگرمیوں کی بحالی اس بات کا ثبوت ہیں کہ حکومت کی سمت درست ہے۔غیر ملکی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہو چکا ہے اور ملک میں سرمایہ کاری میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔پشاور سے کراچی تک معاشی سرگرمیوں کا دوبارہ آغاز اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ مارکیٹ میں اعتماد واپس آ رہا ہے۔عالمی مالیاتی اداروں کی جانب سے مثبت ردعمل اور آئی ایم ایف کی جانب سے ایک اعشاریہ دوبلین ڈالر کی قسط کی منظوری اس بات کی تصدیق ہے کہ پاکستان کی معاشی پالیسیوں کو بین الاقوامی سطح پر تسلیم کیا جا رہا ہے۔اس مالی معاونت سے نہ صرف زرمبادلہ کے ذخائر کو سہارا ملے گا بلکہ آئندہ دنوں میں معاشی حالات مزید بہتر ہونے کی توقع ہے۔وزیراعظم نے نوجوانوں کو پاکستان کا سب سے قیمتی اثاثہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ انہیں نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔حکومت فنی اور پیشہ ورانہ تربیت کے ذریعے نوجوانوں کو برسر روزگار بنانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔یہ ایک حقیقت ہے کہ اگر نوجوانوں کو ہنر، مواقع اور درست سمت دی جائے تو وہ پاکستان کی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کا کردار ادا کر سکتے ہیں،اور موجودہ حکومت اسی وژن پر گامزن دکھائی دیتی ہے۔وزیراعظم نے واضح کیا کہ معیشت کی پائیدار ترقی کے لئے غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنا ناگزیر ہے۔اس مقصد کے لئے دوست ممالک کے ساتھ مختلف شعبوں میں تعاون کو فروغ دیا جا رہا ہے۔یہ شراکت داریاں نہ صرف سرمایہ کاری بلکہ ٹیکنالوجی،مہارت اور جدید نظم ونسق کے حصول میں بھی مددگار ثابت ہوں گی۔وزیراعظم نے امید ظاہر کی کہ ان اقدامات کے ذریعے پاکستان جلد ایک مضبوط معاشی قوت کے طور پر ابھرے گا۔وزیراعظم نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت عوام کے مسائل سے پوری طرح آگاہ ہے اور ان کے حل کے لئے دن رات کوشاں ہے۔مہنگائی، روزگار،صحت اور تعلیم جیسے بنیادی مسائل پر حکومت کی توجہ مرکوز ہے اور آئندہ دنوں میں مزید بہتری متوقع ہے۔یہ امر خوش آئند ہے کہ حکومت تنقید سے گھبرانے کے بجائے کارکردگی کے ذریعے جواب دینے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔مشکل فیصلوں کے باوجود عوامی مفاد کو مقدم رکھا گیا،جس کے مثبت نتائج اب سامنے آ رہے ہیں روز افزوں بہتری کا سلسلہ جاری ہے معاشی بحران سے نکل کر استحکام اور پھر ترقی کی جانب سفر آسان نہیں ہوتا، تاہم وزیراعظم شہبازشریف کی قیادت میں موجودہ حکومت نے ثابت کیا ہے کہ درست سمت،مخلص قیادت اور ٹیم ورک کے ذریعے ناممکن کو ممکن بنایا جا سکتا ہے۔دعا ہے کہ یہ سفر اسی استقامت، شفافیت اور عوامی خدمت کے جذبے کے ساتھ جاری رہے۔

امریکی پالیسی دنیا کے لیے خطرہ

مہمان کالم

میری ڈیجیوسکی

غیر ملکی زرمبادلہ پر آئی ایم ایف کا اعتراض کیوں

منظر نامہ

سارہ حسن

آئی ایم ایف کی پاکستان کے لیے نئی شرائط

تناظر

عمردراز ننگیانہ

بھارت کا اپنا امیج

روبرو

شاہنواز فاروقی

انڈونیشین صدر کا دورہ اور توقعات

خیال حمید

حمیداللہ بھٹی

افسوس! صد افسوس!

اظہار خیال

خالد مسعود خان

ریاست، سماج اور انسانی جان کی حرمت

خورشید ندیم

عوامی اشتہارات

MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات ایک جیسی ریٹ پر چھاپے نہ جائے تک کی اشتہارات کے بارے میں "اوکا" ٹوکا ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
ٹائٹل اور اندرونی صفحہ کے ٹائٹل کے سوا سے کے فلا
ٹائٹل پر کسی کے اشتہار قابل قبول نہ ہوگی۔
اشتہار کی ایک لائن میں ایک لفظ اور دو نمبر اور ایک سے میں ایک اشتہار لفظ ٹائٹل پر کسی کے صورت میں کمرا آدھا رہ کر اشتہار چھاپنے کے لئے ٹائٹل پر کسی کے اشتہار کی صورت میں ہوگا۔
ٹائٹل اور اشتہار چھاپنے کے لئے ٹائٹل پر کسی کے اشتہار کی صورت میں ہوگا۔
اشتہار کی ذمہ داری اشتہار دینے والے کی ہوگی۔
اشتہار کی ذمہ داری اشتہار دینے والے کی ہوگی۔
اشتہار کی ذمہ داری اشتہار دینے والے کی ہوگی۔

ضرورت رشتہ

ایک ڈاکٹر 30 سال کی ڈاکٹر CPS
مرتضیٰ MBBS لیڈی ڈاکٹر کا رشتہ درکار ہے رابطہ
بذریعہ واٹس ایپ 03332400021
سنڈس ADVT.....

گمشدہ کی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5430320342867 ہے میرا سیم
نصیب اللہ مادسیہ جو اوڈیشن میں کہیں گم ہو گیا ہے
ملنے پر فون نمبر 03337864463 پر مطلع کریں
R.No.....62519

تلاش گمشدگی

میرا بیٹا کیپ کیپ بنڈ ویک اکاؤنٹ نام بیکرز مستی
نمبر 6032020357714140115 رابطہ نمبر
جاری ہوا تھا جو کہ کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر فون نمبر
03337929001 پر مطلع کریں
ہاؤس ADVT.....

میڈیا ڈاؤ ٹھلع قلعہ عبداللہ گرینڈ الائنس بلوچستان کے رہنماء ناصر مینگل، ڈاکٹر سید عنایت اللہ، سید زمان شاہ آغا، ڈاکٹر محمد انور پرنس کا نفرنس سے کر رہے ہیں

لورالائی شہر کیلئے جاری 1 ارب روپے عوام پر خرچ ہونگے، بریگیڈیئر نعمان

فنڈز تعلیم، صحت، پینے کے پانی، سڑکوں اور دیگر ترقیاتی منصوبوں پر لگائے جائیں گے، محکمے فنڈز شفاف طریقے سے استعمال کریں، میران بلوچ

لورالائی اکاؤنٹس ہیڈ کوارٹر میں ترقیاتی اسکیموں، عوامی مسائل کے حل کے حوالے سے کھلی کچہری سے جنید احمد شیخ، ملک محمد اصغر خلجان، اور دیگر کا خطاب

چاچی اکرم بیوہ شرکت کے شریک کھلی کچہری سے جنید احمد شیخ، ملک محمد اصغر خلجان، اور دیگر کا خطاب سنکری خیرو تر کی بیوہ کی بیماری کا دیکھ رہے ہیں

لورالائی (ن ایل) لورالائی اکاؤنٹس ہیڈ کوارٹر میں شہری ترقیاتی اسکیموں اور عوامی مسائل کے حل کے حوالے سے ایک اہم کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ کچہری میں شہریوں نے اپنے اپنے علاقوں کے مسائل براہ راست متعلقہ حکام کے سامنے پیش کیے۔ کھلی کچہری میں بریگیڈیئر لورالائی اکاؤنٹس کمان نذیر ملک، ڈی آئی جی لورالائی رینج جنید احمد شیخ، ایس ایس پی لورالائی ملک محمد اصغر خلجان، ڈپٹی کمشنر میران بلوچ سمیت مختلف محکموں کے سینئر افسران شریک ہوئے۔ 1 ارب روپے عوام کی فلاح پر خرچ ہوں گے بریگیڈیئر نعمان نذیر ملک برگیڈیئر نعمان نذیر ملک نے اپنے خطاب میں کہا "بلوچستان حکومت کی جانب سے لورالائی شہر کے لیے جاری کردہ 1 ارب روپے مکمل طور عوام پر خرچ ہوں گے۔ یہ فنڈز تعلیم، صحت، پینے کے پانی، سڑکوں اور دیگر ضروری ترقیاتی منصوبوں پر تکنیکی بنیادوں پر لگائے جائیں گے۔ ترقیاتی فنڈز متعلقہ محکموں کے ذریعے شفاف طریقے سے استعمال کیے جائیں گے۔" انہوں نے شرکا کو ہدایت کی کہ وہ اجتماعی نوعیت کے منصوبے پیش کریں تاکہ مسائل کے دیرپا حل ممکن ہو سکے۔ کھلی کچہری میں شہریوں، تاجر برادری اور قبائلی معززین نے مختلف عوامی پیش کیے، جن میں ایل پی کی شہری قلت لورالائی پانی پائپ پر زیر تقسیم بس ٹرمینل کی تکمیل شہر کے اسٹریٹ لائٹس کی خصیص کی ٹی بی کے بھروں نے لیے فنڈ زمرتہ تو نسہ روڈ پر کام کی بھی سے روی ہا صرا ر اوقاف گلیوں میں روڈ کی پختگی باور پانی باور دار سیانی اسکیم سول ہسپتال میں ڈائیلاسز مشینوں کی کمی شہر میں شدید بجلی اور شوٹنگ مختلف اسکولوں کے لیے فنڈز نیاڈا مزدور پر براہ کی مسائل، حاجی خیر تو درجی نے پیش کی تفصیل تھیٹر کے وفد نے بھی اپنے علاقے کی مختلف ترقیاتی ضروریات اور مسائل پیش کیے کھلی کچہری میں تاجر برادری، تاجر برادری، بندوہ بیسائی کمیونٹی کی کمی شہر میں شدید بجلی اور شوٹنگ مختلف اسکولوں کے لیے فنڈز نیاڈا مزدور پر براہ کی مسائل، حاجی خیر تو درجی نے پیش کی تفصیل تھیٹر کے وفد نے بھی اپنے علاقے کی مختلف ترقیاتی ضروریات اور مسائل پیش کیے کھلی کچہری میں تاجر برادری، تاجر برادری، بندوہ بیسائی کمیونٹی

چاچی رامے بی بی عبدالرحمٰن سنکری بیوہ کی پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر آغاز دوم کا افتتاح کر رہے ہیں

امن وامان کی بہتری عوامی تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، ڈی سی جعفر آباد

ایسے ترقیاتی منصوبوں کو ترجیح دی جائے گی، جو کھلی کچہریوں میں عوام کی جانب سے پیش کیے گئے ہوں

ضلعی انتظامیہ کا بنیادی مقصد ایسے اقدامات کرنا ہے جن کے ثمرات فوری دو دیرپا طور پر عوام تک پہنچ سکیں

جعفرآباد (ن ایل) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی زیر صدارت گزشتہ روز ڈسٹرکٹ مینجمنٹ آپریشن کمیٹی (DCC) ڈسٹرکٹ مینجمنٹ کمیٹی (DIC) اور ڈسٹرکٹ ایلیمنٹس آپریشن کمیٹی (DICC) کے اہم اجلاس منعقد ہوئے جن میں ضلع کے ترقیاتی امور، امن وامان کی صورتحال اور محکموں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈسٹرکٹ آپریشن کمیٹی کے اجلاس میں ایس پی اے آئی ٹیز کے تحت مختلف ترقیاتی اسکیموں کی منظوری دی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر خالد خان نے کہا کہ ایسے ترقیاتی منصوبوں کو ترجیح دی جائے گی جو کھلی کچہریوں میں عوام کی جانب سے براہ راست پیش کیے گئے مسائل کے حل سے متعلق ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کا بنیادی مقصد عوامی مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسے اقدامات کرنا ہے جن سے ثمرات فوری اور دیرپا طور پر عوام تک پہنچ سکیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تعلیم، صحت، پبلک ہیلتھ اینڈ انجینئرنگ، لیبر گورنمنٹ اور دیگر محکموں کی اسکیمات خالصتاً عوامی ضرورت اور فلاح کو مدنظر رکھ کر تیار کی جائیں تاکہ شکایات کا موثر ازالہ ممکن ہو سکے۔ بعدازاں ڈسٹرکٹ مینجمنٹ کمیٹی (DIC) اور ڈسٹرکٹ ایلیمنٹس آپریشن کمیٹی (DICC) کے اجلاس بھی ڈپٹی کمشنر خالد خان کی زیر صدارت منعقد ہوئے جن میں ضلعی محکموں کے سربراہان اور ایسٹیبلشمنٹ اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر کی امن وامان کی بہتری میں پائیدار امن اور ترقی کو فروغ دیا جائے۔

ماہ دسمبر ریکوری ہدف ہر صورت حاصل کیا جائے، حسن علی مگسی

سرکاری دفاتر اور گیریلو تاہدنوہ کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) کمیٹی کے پرسنٹ کے انجینئر قلعہ آباد (نامہ نگار) کمیٹی کے پرسنٹ کے انجینئر سی سرکل حسن علی مگسی کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس ایگزیکٹو انجینئر کمیٹی کے پرسنٹ کے انجینئر سی سرکل حسن علی مگسی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ کے اجلاس میں ایگزیکٹو انجینئر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے انجینئر محمد دریام محمد ڈپٹی ڈائریکٹر کمرشل فاروق علی خان۔ اوپا ڈائریکٹر ایگزیکٹو کمیٹی کے سرکل چیئرمین حاجی محمد قاسم کھوسہ سمیت دیگر متعلقہ افسران اور سٹاف نے شرکت کی اجلاس کے دوران ایگزیکٹو انجینئر محمد دریام محمد نے ماہ دسمبر 2025 تک صارفین کے مسائل اور ان کی ریکوری کی صورتحال پر تفصیلی رپورٹ دی انہوں نے کہا کہ دسمبر کی ریکوری ہدف کو حاصل کیا جائے گا۔ محکمہ کی فیل کو مزید تیز کیا جائے گا۔ متعلقہ ذیلی ڈی او اور میٹر کی کٹوتی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ریکوری کے لئے سرکاری دفاتر اور گیریلو تاہدنوہ کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ریکوری کے لئے ہر ماہ کی 10 تاریخ کو اجلاس ہوگا۔ اجلاس میں ایگزیکٹو انجینئر محمد دریام محمد

روزنامہ مشرق کوئٹہ

اسپورٹس

سٹیا گو، پروہاکی لیگ میں پاکستان اور ہالینڈ کے درمیان میچ کا منظر

بھارت کی اشتعال انگیزی اسے مہنگی پڑ گئی آئی پی ایل کو اربوں ڈالر کا نقصان

2025 میں آئی پی ایل کی مجموعی کمرشل ویلیو 20 فیصد کم ہو کر 9.6 ارب ڈالر رہ گئی جو 2024 میں 12 ارب ڈالر تھی، عالمی فرم کی رپورٹ

تنازع کے دوران سیکیورٹی خدشات کے باعث میچز، بشمول ناک آؤٹ مرحلہ، تقریباً ایک ہفتہ معطل رہے، جس سے رفتار اور مارکیٹ کا اعتماد متاثر ہوا، رپورٹ

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت کی اشتعال انگیزی اسے ہی مہنگی پڑ گئی، کرکٹ لیگ آئی پی ایل کو اربوں ڈالرز کا نقصان اٹھانا پڑا۔ عالمی مالیاتی اعداد و شمار کا جائزہ لینے والی فرم برانڈ فنانس اور دی اکنامک ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق 2025 میں آئی پی ایل کی مجموعی کمرشل ویلیو 20 فیصد کم ہو کر 9.6 ارب ڈالر رہ گئی جو 2024 میں 12 ارب ڈالر تھی۔ برانڈ فنانس کی رپورٹ کے مطابق یہ کمی خطے کی جیو سیاسی کشیدگی اور آنے والی بڑی نیلامی سے جڑی بے یقینی کے تناظر میں سامنے آئی۔ رپورٹ کے مطابق تنازع کے دوران سیکیورٹی خدشات کے باعث میچز، بشمول ناک آؤٹ مرحلہ، تقریباً ایک ہفتہ معطل رہے۔ رپورٹ کے مطابق تقریباً 16 میچز ایک ہفتے کے لیے روکے گئے، جس سے رفتار اور مارکیٹ کا اعتماد متاثر ہوا۔ اس عارضی تعطل نے نشریاتی اعتماد، اشتہاری نمائش اور مجموعی کمرشل مومینٹم کو دھچکا دیا۔ رپورٹ میں آن لائن حقیقی رقم والے گیمنگ اشتہارات پر پابندی کو بھی بڑا دباؤ قرار دیا گیا کیونکہ ایک بڑی اشتہاری کیٹگری پابر ہوئی۔ پی ایس ایل کے دسویں ایڈیشن کے ساتھ شیڈولنگ تصادم، بڑی نیلامی کی غیر یقینی صورتحال اور کرپٹو کرنسی سے جڑے اشتہاری/مالی شراکت داروں کے انخلاء نے بھی عدم استحکام پیدا کیا۔

غلط بیانی کرنیوالوں کیخلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی، بلوچستان آرچری

بلوچستان کے کھلاڑیوں کو چند افراد نے اپنے ذاتی مفادات کی خاطر گراؤنڈ سے دور رکھا، ایسوسی ایشن کا شکوہ

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان آرچری ایسوسی ایشن یہ واضح کرنا چاہتی ہے کہ بلوچستان آرچری ایسوسی ایشن کے خلاف پروپیگنڈا اور غلط بیانیہ کو فروغ دینے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ سوشل میڈیا پر کچھ نام نہاد سپورٹس دشمن جو کہ جھوٹے الزامات اور غلط پروپیگنڈا کر رہے ہیں بدقسمتی سے بلوچستان کے کھلاڑیوں کو کچھ لوگ اپنے ذاتی مفادات کی خاطر غلط گائیڈ کر کے گراؤنڈ سے دور رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ بلوچستان آرچری ایسوسی ایشن ہمیشہ سے کھلاڑیوں کو سیاست سے دور رکھ کر صرف سپورٹس تک محدود رکھنا چاہتی ہے مگر کچھ سپورٹس دشمنوں نے کھلاڑیوں کو ہمیشہ اپنے ذاتی مفادات کے لیے استعمال کیا۔ 35ویں نیشنل گیمز کراچی کے لیے 13 اور 14 نومبر کو بلوچستان آرچری ٹیم کے لیے بلوچستان آرچری ایسوسی ایشن اور بلوچستان سپورٹس بورڈ، بلوچستان اولمپکس کے زیر نگرانی میں ٹرائلز کے لیے ٹرائلز لیے 10 بجے سے شام 4 بجے کا وقت مقرر کیا گیا جس میں مختلف کھلاڑیوں نے حصہ لیا۔ ٹرائلز کے دوران ریڈ ڈریگن کلب نے اپنے پرانے روایات کو برقرار رکھتے ہوئے باقی کلبز کے کھلاڑیوں کے ساتھ لڑائی جھگڑا، گالم گلوچ اور غلیظ زبان استعمال کی اور باقی کھلاڑیوں کو پریشر ائز کیا۔ جس بناء پر بلوچستان آرچری ایسوسی ایشن اور ریڈ ڈریگن کلب کے مابین تلخ کلامی ہوئی مگر پھر بھی ایسوسی ایشن نے بڑے ظرف کا مظاہرہ کرتے ہوئے معاملات کو خوش اسلوبی سے سرانجام دیا۔ ٹیم کے لیے 15 دن کا کیمپ لگایا گیا۔ کیمپ میں مختلف بہانوں سے ریڈ ڈریگن کلب کے بانی درین محمد نوروز، اور ریڈ ڈریگن کلب کے نام نہاد کوچ حفیظ اللہ اچکزئی بلوچستان آرچری ایسوسی ایشن کے ممبران اور سلیکٹ ہونے والے باقی کھلاڑیوں کے ساتھ بدتمیزی اور بازاری زبان استعمال کی۔

جبل مکسی ڈیزرٹ چیلنج 2025 کا کوالیفائنگ راؤنڈ مکمل

جنید خان نے 2 کلومیٹر فاصلہ ایک منٹ 32 اعشاریہ 14 سیکنڈ میں مکمل کیا

جبل مکسی (آئی این پی) جبل مکسی ڈیزرٹ جیپ ریلی کے کوالیفائنگ راؤنڈ کا مرحلہ کامیابی کے ساتھ مکمل ہو گیا، جہاں ملک بھر سے آئے ڈرائیورز نے تیز رفتاری اور بہترین مہارت کا شاندار مظاہرہ کیا۔ پری پیڈ کیٹگری میں 23 ڈرائیورز نے کوالیفائی کرلیا۔ دو کلومیٹر ٹریک پر جنید خان سب سے آگے رہے، جنہوں نے یہ فاصلہ ایک منٹ 32 سیکنڈ 14 ملی سیکنڈ میں طے کیا۔ جعفر خان مکسی 1 منٹ 33 سیکنڈ 50 ملی سیکنڈ کے وقت کے ساتھ دوسرے جبکہ صاحبزادہ سلطان 1 منٹ 34 سیکنڈ 80 ملی سیکنڈ میں فاصلہ مکمل کر کے تیسرے نمبر پر رہے۔ وفاقی چیمپئن فیصل شادی خیل کا ٹائم 1 منٹ 34 سیکنڈ 88 ملی سیکنڈ ریکارڈ کیا گیا۔ اسٹاک کیٹیگری میں مقابلہ بھی خاصا سخت رہا۔

آئی ایل ٹی 20، ڈیزرٹ وائپرز نے گلف جائنٹس کو 8 وکٹوں سے شکست دیدی

دبئی (این این آئی) ڈی پی ورلڈ آئی ایل ٹی 20 سیزن 4 میں ڈیزرٹ وائپرز نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے گلف جائنٹس کو دبئی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں 8 وکٹوں سے شکست دیدی، اس فتح کے ساتھ وائپرز نے جائنٹس کے خلاف مسلسل چھٹی میچ میں فتح کا ریکارڈ بھی قائم کر دیا۔ خدیجہ تنویر نے ابتدائی پاور پلے میں 4 وکٹیں حاصل کر کے گلف جائنٹس کے ٹاپ آرڈر کو ہلا کر رکھ دیا۔

بھارت میں میسی کو سیکیورٹی رسک، مجسمہ کی نقاب کشائی آن لائن کرنی پڑ گئی

نئی دہلی (این این آئی) ارجنٹینا کے لیجنڈری فٹبالر لیونل میسی نے بھارتی شہر کلکتہ میں قائم اپنے 70 فٹ بلند مجسمے کی نقاب کشائی کر دی۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق عالمی شہرت یافتہ اسٹار فٹ بالر لیونل میسی بھارت کے تین روزہ دورے کے لیے کلکتہ پہنچے جہاں انہوں نے کلکتہ کے لیک ٹاؤن میں واقع شری بھومی اسپورٹنگ کلب میں اپنے 21 میٹر بلند مجسمے کی نقاب کشائی کی۔ قابل ذکر امر یہ ہے کہ انٹر میامی کے اسٹار فٹبالر سیکیورٹی وجوہات کی بنا پر ذاتی طور پر نہیں بلکہ ورچوئل طور پر مجسمے کی نقاب کشائی کی۔

کوئٹہ: گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل سلطان گولڈن کو تیز ترین ریورس ڈرائیونگ جمپ کا عالمی ریکارڈ اپنے نام کرنے پر چیک دے رہے ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بھی موجود ہیں

بھارتی کرکٹ میں کرپشن کی گونج، 4 کرکٹرز معطل

کرکٹرز کے خلاف گوہاٹی کی کرائم برانچ میں ایف آئی آر بھی درج کرلی گئی

نئی دہلی (آن لائن) بھارتی کرکٹ میں کرپشن کی گونج سنائی دینے لگی جس پر 4 کرکٹرز کو معطل کر دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق چاروں کرکٹرز کے خلاف گوہاٹی کی کرائم برانچ میں ایف آئی آر بھی درج کر لی گئی ہے۔ کرکٹرز پر کرپشن کے الزامات آسام ڈومیسٹک کرکٹ میں سامنے آئے۔ آسام کرکٹ ایسوسی ایشن نے 4 کرکٹرز کو مبینہ طور پر کرپشن میں ملوث ہونے پر معطل کر دیا۔ آسام کرکٹ ایسوسی ایشن نے پریس ریلیز کے ذریعے کھلاڑیوں کی معطلی کا اعلان کیا۔ سید مشتاق علی ٹرافی کے دوران مبینہ کرپشن میں ملوث ہونے پر کرکٹرز کو معطل کیا گیا ہے۔ مشتاق علی ٹرافی 26 نومبر سے 8 دسمبر تک منعقد ہوئی۔ ڈومیسٹک کرکٹرز میں امیت سنہا، ایشان احمد، امن ترپاٹھی اور ابھیشیک ٹھاکری شامل ہیں۔

جان سینا کی آخری کشتی، ریسلنگ کے ایک عہد کا خاتمہ

27 جون 2002ء کو جان سینا نے اپنا پہلا میچ کھیلا اور عظیم ریسلر نے 13 دسمبر 2025ء کو آخری میچ گنتھر کیخلاف واشنگٹن ڈی سی میں کھیلا

یہ صرف ایک پہلوان کی ریٹائرمنٹ نہیں بلکہ پاکستان سمیت دنیا بھر کے کروڑوں مداحوں کے لیے ایک عہد کا خاتمہ ہے، رپورٹ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈبلیو ڈبلیو ای کی تاریخ کے بڑے ناموں میں سے ایک جان سینا 13 دسمبر 2025 کو واشنگٹن ڈی سی میں اپنے کیریئر کی آخری کشتی لڑی۔ یہ صرف ایک پہلوان کی ریٹائرمنٹ نہیں بلکہ پاکستان سمیت دنیا بھر کے کروڑوں مداحوں کے لیے ایک عہد کا خاتمہ ہے۔ 27 جون 2002 کو جان سینا کو سمیک ڈاؤن میں اپنا پہلا بڑا موقع ملا۔ جب اولمپک گولڈ میڈلسٹ کرٹ اینگل نے رنگ میں کھڑے ہو کر چیلنج دیا تو ایک انجان نوجوان سٹیج پر آیا۔ جب اینگل نے پوچھا کہ ان میں ایسی کیا خاص بات ہے، تو جان سینا نے مشہور جملہ کہا: "رتھلیس ایگریشن" (بے رحمانہ جارحیت) اور اینگل کو تھپڑ رسید کر دیا۔ اگرچہ سینا وہ میچ ہار گئے، لیکن بیک سٹیج پر انڈر ٹیکر جیسے لیجنڈز نے ان کی تعریف کی اور یوں ریسلنگ کی دنیا میں ایک نئے دور کا آغاز ہوا۔ اگلی دو دہائیوں میں وہ 17 بار عالمی چیمپئن بنے، جو کہ ایک ریکارڈ ہے۔ انہوں نے ڈبلیو ڈبلیو ای کو اس وقت سہارا دیا جب دی راک اور سٹون کولڈ جیسے ستارے اسے چھوڑ کر جا رہے تھے۔ جان سینا کا یہ جملہ ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

پاکستان آرمی نے 35 ویں نیشنل گیمز کی ٹرافی جیت لی، واپڈا دوسرے نمبر پر رہا

پاکستان نیوی تیسرے نمبر پر رہی، صوبوں میں پنجاب نے پہلی اور سندھ نے دوسری پوزیشن حاصل کی، بلوچستان نے ایک گولڈ جیتا

باکسنگ مقابلوں میں پاکستان آرمی نے مردوں اور خواتین مقابلوں میں مجموعی طور پر 12 گولڈ میڈلز اور واضح برتری کے ساتھ میلہ جیت لیا

کراچی (آن لائن) پاکستان آرمی نے 35 ویں نیشنل گیمز کی ٹرافی جیت لی، واپڈا دوسرے اور نیوی تیسرے نمبر پر رہی، صوبوں میں پنجاب نے پہلی اور سندھ نے دوسری پوزیشن حاصل کی۔ نیشنل گیمز کی اختتامی تقریب نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں ہوگی جس میں نیشنل گیمز کے باقاعدہ اختتام کا اعلان کیا جائے گا۔ اس سے قبل مقابلوں کے آخری روز نیشنل گیمز فٹبال ایونٹ کا ٹائٹل پاکستان ایئر فورس نے پاکستان آرمی کو شکست دے کر جیت لیا جبکہ پاکستان واپڈا نے تیسری اور پاکستان نیوی نے چوتھی پوزیشن حاصل کی۔ فائنل کے موقع پر پاکستان فٹ بال فیڈریشن کے رکن کانگریس فیفا ریٹائرڈ احمد رؤف بھی موجود تھے۔ نیشنل گیمز کے باکسنگ مقابلوں میں پاکستان آرمی نے مردوں اور خواتین مقابلوں میں مجموعی طور پر 12 گولڈ میڈلز اور واضح برتری کے ساتھ میلہ جیت لیا۔ پاکستان آرمی نے مردوں کے باکسنگ مقابلوں میں پانچ گولڈ اور چار سلور میڈلز جبکہ خواتین میں سات گولڈ اور ایک سلور میڈلز کے ساتھ پہلی پوزیشن حاصل کر کے جنرل ٹرافی جیتی۔

کراچی، گورنر سندھ کامران ٹیسوری سے سابق کپتان قومی کرکٹ ٹیم معین خان ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان سپر لیگ کی مانگ بڑھنے لگی، انگلینڈ کے کرکٹر ڈیوڈ ولی نے سکیورٹی کو بہترین قرار دیدیا

کچھ کھلاڑیوں کو لگتا ہے کہ انہیں پی ایس ایل میں زیادہ کھیلنے کے مواقع ملیں گے، بھارتی میڈیا کو انٹرویو

لندن (آن لائن) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی مانگ بڑھنے لگی۔ انگلینڈ کے کرکٹر ڈیوڈ ولی نے آئی پی ایل کی نسبت پی ایس ایل کی سکیورٹی کو بہترین قرار دیدیا۔ بھارتی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آئی پی ایل کی آکشن کیسی ہوگی، یہ نہیں پتہ چلتا، کھلاڑیوں کے لیے پی ایس ایل میں زیادہ سکیورٹی اور کھیلنے کی یقین دہانی ہوتی ہے۔ ڈیوڈ ولی کا کہنا ہے کہ کچھ کھلاڑیوں کو لگتا ہے کہ انہیں پی ایس ایل میں زیادہ کھیلنے کے مواقع ملیں گے۔

ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ: پاک بھارت میچ کے ٹکٹ کی مجوزہ قیمت سامنے آ گئی

پاک بھارت ٹاکرے کی قیمت 7800 پاکستانی روپے ہوگی، یہ میلہ ایک ماہ تک جاری رہے گا

لاہور (ویب ڈیسک) آئی سی سی ٹی 20 ورلڈکپ کے ٹکٹوں کی فروخت شروع ہوگئی، پاک بھارت ٹاکرے کی مجوزہ قیمت سامنے آگئی۔ آئی سی سی ٹی 20 ورلڈ کپ کے آغاز میں دو ماہ سے بھی کم وقت رہ گیا ہے۔ دنیا بھر میں شائقین کرکٹ کو میگا ایونٹ کا شدت سے انتظار ہے، بالخصوص ٹورنامنٹ کے سب سے بڑے مقابلے پاک بھارت ٹاکرا دیکھنے کے منتظر ہیں۔ میگا ایونٹ کا آغاز 7 فروری کو بھارت اور سری لنکا کی مشترکہ میزبانی میں ہو رہا ہے۔ ٹورنامنٹ میں 20 ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔

پی ایس ایل نیویارک روڈ شو، قومی کرکٹرز بھی امریکا پہنچ گئے

لندن کا شکریہ پی ایس ایل آج نیو یارک میں، محسن نقوی

نیویارک (آن لائن) لندن میں غیر معمولی پذیرائی کے بعد پاکستان سپر لیگ کا میلہ اب نیویارک پہنچ گیا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے مطابق پی ایس ایل کا میلہ امریکا کے شہر نیویارک میں سج گیا، پی ایس ایل نیویارک روڈ شو کی تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ اس حوالے سے پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی کا کہنا ہے کہ

انڈین فلاور نے آئی ایل ٹی 20 سیزن 4 کو ٹیلنٹ سے بھرپور اور انقلابی قرار دیدیا

دبئی (این این آئی) زمبابوے کے لیجنڈری کرکٹر، تجربہ کار کوچ اور ڈی پی ورلڈ آئی ایل ٹی 20 کے معروف منتظم اینڈی فلاور نے خلیجی خطے میں کرکٹ کو فروغ دینے اور عالمی معیار کے کھلاڑیوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنے میں لیگ کے اہم کردار کو سراہا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اینڈی فلاور نے کہا کہ ڈی پی ورلڈ آئی ایل ٹی 20 ایک انقلابی ٹورنامنٹ بن کر سامنے آیا ہے۔ دنیا بھر کے بہترین کھلاڑی یہاں کھیل رہے ہیں، نکولس پورن، کیرون پولارڈ، روماریو شیفرڈ، ٹام بینٹن اور جیمز ونس جیسے نام اس لیگ کی شان بڑھاتے ہیں۔ اینڈی فلاور نے خلیجی ممالک میں کرکٹ کی ترقی کے لیے لیگ کی کوششوں کو بھی سراہا، خاص طور پر کویت اور سعودی عرب جیسے خطوں میں کھلاڑیوں کی شمولیت کو قابل تحسین قرار دیا۔ ان کے مطابق یہ لیگ صرف اعلیٰ معیاری کرکٹ نہیں دکھا رہی۔

بھارت میں اسٹار فٹبالر میسی پر مشتعل ہجوم کا بوتلوں سے حملہ

اسٹار فٹبالر لائنل میسی کا دورہ بھارت، بھارتیوں نے آداب میزبانی بھلا دیئے، میسی سے ملاقات نہ کرانے پر پرستاروں نے گراؤنڈ میں اپنی اوقات دکھادی

میسی کی تقریب میں شدید بدنظمی، منتظم گرفتار، اسٹیڈیم میں اینٹی رائٹ فورس تعینات، میسی کے مایوس مداح مشتعل ہوگئے اور اسٹیڈیم میں توڑ پھوڑ شروع کر دی

کولکتہ (آن لائن) تین روزہ گوٹ ٹور کے سلسلے میں بھارت پہنچنے والے ارجنٹائن کے اسٹار فٹبالر لیونل میسی نے کولکتہ میں اپنے 70 فٹ بلند مجسمے کی نقاب کشائی کی۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق گوٹ ٹور کے تحت سالٹ لیک اسٹیڈیم میں منعقدہ اس تقریب کے دوران شدید بدنظمی نے اس تاریخی موقع کے مزہ کو کرکرا کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق میسی نے اسٹیڈیم میں صرف 10 سے 15 منٹ کا مختصر قیام کیا، اس دوران گراؤنڈ میں موجود وی آئی پیز نے اسٹار فٹبالر کو گھیرے رکھا، جس پر میسی کے مایوس مداح مشتعل ہوگئے اور اسٹیڈیم میں توڑ پھوڑ شروع کر دی، بوتلیں اور کرسیاں بھی پھینکیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس شدید بدنظمی کے بعد تقریب کے مرکزی منتظم کو گرفتار کر لیا گیا جبکہ اسٹیڈیم میں اینٹی رائٹ فورس تعینات کرنا پڑی۔ اس گرفتاری کی تصدیق ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل جاوید شمیم نے کی۔

لیونل میسی کولکتہ اسٹیڈیم میں الجھن کا شکار نظر آئے

ہزاروں شائقین نے 4 سے 12 ہزار روپے اور بلیک مارکیٹ میں 20 ہزار روپے تک ٹکٹ خریدے

کولکتہ (این این آئی) ارجنٹائن کے اسٹار فٹبالر لیونل میسی اپنے دورہ بھارت میں بدنظمی کے باعث الجھن کا شکار نظر آئے، جس کی وجہ سے 22 منٹ میں ہی تقریب ختم کرنا پڑی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق عالمی فٹبال کے عظیم کھلاڑی لیونل میسی کا کولکتہ کے سالٹ لیک اسٹیڈیم کا کثیر تشہیر شدہ دورہ صرف 22 منٹ میں اختتام پذیر ہو گیا۔

شادی کا جھانسہ دے کر زیادتی، بنگلہ دیشی کرکٹر طفیل احمد کیخلاف چارج شیٹ جمع

ایک خاتون کو شادی کا وعدہ دے کر فریب دیا اور متعدد بار جنسی زیادتی کا نشانہ

ڈھاکا (این این آئی) بنگلہ دیش پولیس نے بنگلہ دیش اے ٹیم کے 25 سالہ کرکٹر طفیل احمد ریحان کے خلاف چارج شیٹ جمع کروا دی ہے۔ الزام عائد کیا گیا ہے انہوں نے ایک خاتون کو شادی کا وعدہ دے کر فریب دیا اور متعدد بار جنسی زیادتی کا نشانہ بنایا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق بنگلہ دیش پولیس نے بتایا کہ چارج شیٹ انسداد خواتین و اطفال تشدد ایکٹ کی دفعہ 9(1) کے تحت جمع کرائی گئی ہے۔ مقدمے کے مطابق طفیل احمد نے جنوری میں فیس بک کے ذریعے خاتون سے رابطہ کیا۔

جدہ آئندہ برس ای پری الیکٹرک ریس کی میزبانی کرے گا

ای پری الیکٹرک ریس ایک نئے تین کلومیٹر طویل ٹریک پر ہوگی جس میں 19 موڑ شامل ہیں

جدہ (این این آئی) سعودی عرب میں جدہ کورنیش سرکٹ 13 اور 14 فروری کو جدہ ای پری الیکٹرک ریس کی میزبانی کرے گا، جو اے بی بی ایف آئی اے فارمولا ای ورلڈ چیمپئن شپ کے 12 ویں سیزن کا حصہ ہے۔ سعودی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق مذکورہ ایونٹ وزارت کھیل کی نگرانی میں منعقد ہوتا ہے اور اس کا انتظام سعودی آٹوموبائل اور موٹر سائیکل فیڈریشن کی جانب سے کیا جاتا ہے۔ رپورٹس کے مطابق ای پری الیکٹرک ریس ایک نئے تین کلومیٹر طویل ٹریک پر ہوگی۔

پرولیگ، نیدرلینڈ نے پاکستان کو تین کے مقابلے میں سات گول سے شکست دیدی

نیدرلینڈ کے تھیسری اور گیوس نے دو دو جبکہ جیکس، ٹیمو اور جوریت نے ایک ایک گول اسکور کیا

سنتیاگو (این این آئی) ارجنٹینا کے شہر سنتیاگو میں جاری پرولیگ کے پہلے مرحلے کے تیسرے میچ میں نیدرلینڈ نے پاکستان کو تین کے مقابلے میں سات گول سے شکست دے دی۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کی جانب سے پینلٹی کارنر کے ذریعے 39 ویں اور 59 ویں منٹ میں محمد سفیان خان نے اور 55 ویں منٹ میں رانا وحید اشرف نے گول اسکور کیے۔ جبکہ نیدرلینڈ کی جانب سے تھیسری اور گیوس نے دو دو جبکہ جیکس، ٹیمو اور جوریت نے ایک ایک گول اسکور کیا۔ پاکستان اپنا چوتھا میچ 15 دسمبر کو ارجنٹائن کے خلاف کھیلے گا۔

بلوچستان گرینڈ الائنس نے احتجاج، مظاہرے، دفاتر کی تالا بندی، قلم چھوڑ ہڑتال کی کال دیدی

ملازمین اپنے حق کی خاطر سڑکوں پر نکلیں گے کسی بھی صورت میں ملازمین کے حقوق سے پیچھے نہیں ہٹیں گے

حکومت ملازمین کے مسائل کے حل میں سنجیدہ نہیں، کسی رعایت کے طلبگار نہیں جائز حق کا مطالبہ کر رہے ہیں

نصیر آباد (نامہ نگار) بلوچستان گرینڈ الائنس کی احتجاجی تحریک حکومت مخالف زور پکڑنے لگی ملازمین نے مطالبات حل نہ ہونے پر بلوچستان بھر کی طرح نصیر آباد ڈویژن میں بھی احتجاجی مظاہرہ دفاتر کی تالا بندی قلم چھوڑ ہڑتال کی کال دے دی 19 دسمبر کو نصیر آباد ڈویژن ہیڈ کوارٹر ڈیرہ مراد جمالی میں احتجاج کیا جائے گا۔ ملازمین کی خاطر سڑکوں پر نکلیں گے کسی بھی صورت میں ملازمین کے حقوق سے پیچھے نہیں ہٹیں گے ڈی اے رائے سمیت دیگر مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو احتجاج کا دائرہ کار وسیع کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار بلوچستان گرینڈ الائنس کے ڈویژنل صدر عبدالحمید بلوچ، میر احمد شاہد گرانی، تاج الدین عمرانی، برکت علی گولہ، ریاض احمد عمرانی، برکت علی ساسولی، بابو محمد اعظم بہرانی، بابو خادم حسین مگسی، سید امداد حسین شاہ، محمد اکبر سر پرو سمیت دیگر موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی پالیسیوں اور مسلسل تاخیری حربوں کے خلاف کیا کہ صوبے بھر میں پندرہ لاکھ سے زائد ملازمین گزشتہ چھ ماہ سے احتجاجی تحریک شدت پکڑ چکی ہے۔ ملازمین کے حقوق کی خاطر سڑکوں پر نکلیں گے، ملازمین کے خلاف شیلنگ اور لاٹھی چارج کیا گیا قائدین اور ملازمین کو جیلوں میں ڈالا گیا۔

تعلیم ہی قوموں کو ترقی کی راہ پر گامزن کرتی ہے، حاجی احمد خان اچکزئی

احمد خان پبلک اسکول گلستان کاریز میں سالانہ رزلٹ کے موقع پر تقریب سے خطاب

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) احمد خان پبلک اسکول گلستان کاریز میں سالانہ رزلٹ کے موقع پر ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی، جس میں طلباء، اساتذہ، والدین اور معزز شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسکول کے سرپرست اعلیٰ اور علاقے کی معروف سماجی و قبائلی شخصیت حاجی احمد خان اچکزئی نے کہا کہ تعلیم ہی وہ واحد طاقت ہے جو قوموں کو ترقی کی راہ پر گامزن کرتی ہے اور ایک روشن مستقبل کی ضمانت بنتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گلستان جیسے پسماندہ علاقے میں معیاری تعلیمی اداروں کا قیام ان کا دیرینہ خواب تھا، جو آج عملی شکل اختیار کر چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ احمد خان اچکزئی کی قیادت میں کام کا شہید فاؤنڈیشن نے تحصیل گلستان میں اسکول اور کالجز قائم کیے ہیں، جہاں آج سینکڑوں بچے اور بچیاں جدید اور معیاری تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ تقریب کے اختتام پر کامیاب طلبہ میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ جبکہ اسکول کے محنتی اور قابل اساتذہ کے لیے بونس کا اعلان کیا گیا، جسے شرکاء نے خوش آئند قرار دیا۔

حاجی عطاء اللہ بادینی کے فرزند محمد عرفان بادینی کی منگنی کی تقریب

مل (نامہ نگار) ممتاز ٹرانسپورٹر یونین کونسل مل کے سابق چیئرمین حاجی عطاء اللہ بادینی کے فرزند محمد عرفان بادینی کی منگنی شاہ اللہ بادینی کی صاحبزادی سے سرانجام پائی منگنی کی تقریب قادر آباد میں ہوئی اس موقع پر علاقے کی بزرگ قبائلی شخصیت حاجی میر جمعہ خان بادینی، مولوی فرید احمد مینگل، نذیر بلوچ، مفتی کفایت اللہ بادینی، حاجی نعیم جان بادینی، سابق ڈی ای او حاجی عباس خان بادینی، سابق ڈی ای او جمیل احمد مینگل، ایس ایچ او خالد بادینی، حاجی عبدالسلام بادینی، محمد اکبر بادینی، حاجی نعیم بادینی، ڈاکٹر محمد سلطان بادینی، میر شائستہ خان بادینی، و دیگر نے شرکت کی۔

خاران، بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کے زیر اہتمام آگاہی سیشن سے اے سی عبدالحمید بلوچ سردار عبداللہ بادینی عقیل بلوچ و دیگر خطاب کر رہے ہیں

غریب خاندانوں کا معاشی مستقبل خطرے میں پڑ گیا، جے یو آئی

پانی کی کمی کے باعث علاقے کے سینکڑوں کاشتکار شدید مشکلات کا شکار ہیں، حاجی رحمت اللہ ہنگرزئی

چوری، ڈکیتی لوٹ مار، جرائم کے واقعات میں اضافہ شہریوں میں خوف و ہراس کا باعث بن رہا ہے، مقررین

نصیر آباد (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام تحصیل ڈیرہ مراد جمالی کا ایک اہم اور ہنگامی نوعیت کا اجلاس تحصیل امیر حاجی رحمت اللہ ہنگرزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلعی عہدیداران، مقامی ذمہ داران اور ورکروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی جہاں مختلف اہم امور پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس کے دوران شرکاء نے ربیع کینال میں زرعی پانی کی شدید قلت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پانی کی کمی کے باعث علاقے کے سینکڑوں کاشتکار شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ پانی نہ ملنے کے باعث گندم اور دیگر فصلوں کو شدید نقصان پہنچ رہا ہے بلکہ زراعت پر انحصار کرنے والے غریب خاندانوں کا معاشی مستقبل بھی خطرے میں پڑ گیا ہے۔ مقررین نے کہا کہ علاقے میں چوری، ڈکیتی، قتل و غارت لوٹ مار اور جرائم کے واقعات میں اضافہ شہریوں میں خوف و ہراس کا باعث بن رہا ہے۔ اجلاس میں پولیس اور انتظامیہ سے مطالبہ کیا گیا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی کرتے ہوئے عوام کو تحفظ فراہم کیا جائے۔ آخر میں تنظیمی امور، کارکنان کی فعالیت اور عوامی رابطہ مہم کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ اجلاس کے اختتام پر ملکی سلامتی، امن و امان کی بحالی اور عوام کے مسائل کے حل کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

حکومت بلوچستان سنجیدگی کا مظاہرہ کرے، کامریڈ وحید بلوچ

قلات (آن لائن) حکومت بلوچستان سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملازمین کے مطالبات منظور کرے، بصورت دیگر بلوچستان بھر کے ملازمین اپنے قائدین کے احکامات پر لبیک کہتے ہوئے بلوچستان بھر میں سرکاری امور کا بائیکاٹ کریں گے جب تک ملازمین کے مطالبات منظور نہیں ہوں گے چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ ملازمین بی جی اے کے جاری شیڈول کے مطابق آج سے تحریک کا دوبارہ آغاز کیا ہے۔ قلات میں ملازمین کی پریس کانفرنس، تفصیلات کے مطابق بلوچستان گرینڈ الائنس کے احتجاجی شیڈول کے مطابق قلات میں ضلعی ایکشن کمیٹی کے آرگنائزر کامریڈ وحید بلوچ کی قیادت میں کابینہ کے دیگر رہنماؤں نے پریس کلب میں پرہجوم پریس کانفرنس کیا۔

پانچھی پور، غیر سرکاری تنظیم اسلامک ریلیف کی جانب سے پرائمری سکول سہراب خان کھوسہ میں طلبہ و طالبات کو قدرتی آفات کے دوران احتیاطی تدابیر کے حوالے سے آگاہی دی جا رہی ہے

منشیات سے پاک کوئٹہ سٹی فیز ٹو حکومتی حکمت عملی سے کامیاب ہوا، کفایت اللہ آغا

وزیر اعلیٰ کی جانب سے منشیات کے عادی افراد کو مفت علاج پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں

کوئٹہ (پ ر) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں منشیات کے خلاف شروع کی گئی مؤثر اور جامع حکمت عملی کے تحت "منشیات سے پاک کوئٹہ سٹی فیز ٹو" اپنے کامیاب اختتام کے قریب پہنچ چکا ہے۔ یہ مہم نہ صرف صوبائی حکومت کے عزم کی عکاس ہے بلکہ بلوچستان کی تاریخ میں منشیات کے عادی افراد کے علاج و بحالی کے حوالے سے ایک تاریخی اور انقلابی قدم بھی ثابت ہو رہی ہے، جس کے مثبت اثرات براہ راست ہزاروں خاندانوں تک پہنچ رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی کے چیئرمین حاجی کفایت اللہ آغا نے گزشتہ روز اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی جانب سے منشیات کے عادی افراد کے علاج و معالجہ کا مکمل سرکاری سطح پر شروع کرنا ایک غیر معمولی اقدام ہے، جو اس سے قبل صوبے کی تاریخ میں کبھی دیکھنے میں نہیں آیا۔ اس اقدام سے نہ صرف متاثرہ افراد کو نئی زندگی ملی ہے بلکہ ان کے اہل خانہ بھی ذہنی اذیت اور معاشرتی دباؤ سے نجات پا رہے ہیں۔ منشیات کے عادی افراد کو جدید طبی سہولیات، نفسیاتی مشاورت اور بحالی کے جامع پروگرامز کے ذریعے صحت مند زندگی کی طرف واپس لایا جا رہا ہے۔ علاج مکمل کرنے والے افراد اب ایک ذمہ دار شہری کے طور پر دوبارہ معاشرے کا حصہ بن رہے ہیں اور مستقبل میں قوم و ملک کی ترقی میں مثبت کردار ادا کرنے کے قابل ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ذاتی دلچسپی، مسلسل نگرانی اور واضح پالیسی کے باعث یہ مہم مؤثر انداز میں آگے بڑھ رہی ہے۔ منشیات کے خلاف اس جدوجہد میں حکومتی اداروں کے ساتھ ساتھ سماجی تنظیموں اور فلاحی اداروں کا تعاون بھی قابل تحسین ہے، جس سے اس مہم کو مزید تقویت ملی ہے۔ چیئرمین نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی نے اس امید کا اظہار کیا کہ فیز ٹو کی کامیابی کے بعد اس پروگرام کو صوبے کے دیگر اضلاع تک بھی وسعت دی جائے تاکہ بلوچستان کو مجموعی طور پر منشیات کے ناسور سے پاک کیا جا سکے۔

جامعہ بلوچستان سب کیمپس خاران میں آر آئی ایس ای پروجیکٹ کے حوالے سے آگاہی سیشن

چھ اضلاع میں پروگرام کا آغاز کیا جا رہا ہے، ہزاروں نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر باعزت روزگار کے مواقع پیدا کرنا ہے

نوجوانوں کے لیے ایک گیم چینجر ثابت ہوگا جو اپنے مستقبل کے حوالے سے اپنا منصوبہ تیار کریں گے، عبدالحمید بلوچ کا خطاب

خاران (ن خ) بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کے زیر اہتمام بلوچستان یونیورسٹی سب کیمپس خاران میں آر آئی ایس ای (RISE) پروجیکٹ کے حوالے سے آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ منعقدہ آگاہی سیشن میں طلباء و طالبات کی کثیر تعداد میں شریک تھے آگاہی سیشن کے مہمان خاص اسسٹنٹ کمشنر خاران عبدالحمید بلوچ تھے۔ متعلقہ پروگرام سے بلوچستان یونیورسٹی سب کیمپس خاران کے ڈائریکٹر عقیل احمد بلوچ نے بھی خطاب کیا۔ منعقدہ سیشن میں بی آر ایس پی ہیڈ آفس کے نمائندے اور ریجنل منیجر سردار عبداللہ بادینی تھے جنہوں نے آر آئی ایس ای پروجیکٹ کے حوالے سے تفصیلی آگاہی دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے چھ اضلاع میں اس پروگرام کا آغاز کیا جا رہا ہے اس پروجیکٹ کے ذریعے ہزاروں نوجوانوں کو ہنرمندی دے کر باعزت طور پر روزگار کے مواقع پیدا کرنا ہیں جو کہ نوجوانوں کے لیے ایک گیم چینجر ثابت ہوگا جو اپنے مستقبل کے حوالے سے اپنا منصوبہ تیار کریں گے۔ RISE پروجیکٹ کے تحت ان کو سکلز کی فراہمی میں بی آر ایس پی ان کی بھرپور معاونت کرے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر خاران عبدالحمید بلوچ نے کہا کہ سرکار کے ساتھ ساتھ اگر غیر سرکاری ادارے اس طرح کے پروگرام تشکیل دے تو ہماری بے روزگاری کی شرح میں واضح طور پر کمی آ سکتی ہے۔ ڈگری حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ سکلز بھی آج کل کی اشد ضرورت ہے، کیونکہ سکلز ہی نوجوانوں کو آسانی سے روزگار کے مواقع پیدا ہو سکتی ہیں۔

گرینڈ الائنس کی تشکیل تعمیری، اخلاص پر مبنی جذبے سے ہوئی ہے، خدا بخش

اصل سٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لئے بغیر اصلاحات کا عمل ڈھونگ کے سوا کچھ نہیں

سبی (نمائندہ مشرق) گرینڈ الائنس سبی کے صدر خدا بخش سیلاچی، جنرل سیکرٹری محمد انور دھپال، بابو دھنی بخش دھپال، باز محمد سیلاچی، پروفیسر سعید احمد، ماجد خان نجف، بشیر احمد لغاری، زاہد علی چانڈیو، ملک خدا بخش دھپال، شکر خان لونی، خدا بخش نجف، نبی بخش کشکوری، پکار خان سیلاچی، غلام نبی سوہو، حجاز علی اور دیگر نے سبی پریس کلب میں پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان گرینڈ الائنس کی تشکیل خالصتاً تعمیری اور اخلاص پر مبنی جذبے سے ہوئی ہے انہوں نے کہا کہ گزشتہ کافی عرصے سے ایک سوچے سمجھے منصوبے اور سازش کے تحت حکمرانوں نے سرکاری ملازمین کے خلاف جھوٹا اور منفی بیانیہ تشکیل دے کر اپنی ذاتی عیاشیوں، بدعنوانیوں اور عالمی مالیاتی اداروں کی خوشنودی کا سلسلہ جاری رکھا ہے۔

آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کا امن و امان کی مخدوش صورتحال کیخلاف احتجاجی مظاہرہ

ایک ہی دن میں بھاگ شہر اور تحصیل میں چوری کی متعدد وارداتیں انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے

انتظامیہ عوام کو تحفظ فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے، عبدالستار ہنگرزئی، حافظ یوسف و دیگر کا خطاب

بھاگ (نامہ نگار) آل پارٹیز ایکشن کمیٹی بھاگ کے چیئرمین ماما عبدالستار ہنگرزئی کی زیر قیادت بھاگ شہر میں امن و امان کی مخدوش صورتحال کے خلاف جاگیر چوک پر ٹوکن احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ احتجاج گزشتہ روز پاکستان تحریک انصاف کے رہنما ڈاکٹر گل بیگ مندرانی کے ساتھ پیش آنے والی ڈکیتی کی واردات اور ایک ہی دن میں بھاگ شہر اور تحصیل بھاگ میں متعدد چوری و ڈکیتی کے واقعات کے خلاف کیا گیا۔ احتجاجی مظاہرے میں جمیعت علماء اسلام، نیشنل پارٹی، جماعت اہلسنت، پاکستان تحریک انصاف، جمہوری وطن پارٹی، مزدور اتحاد، پی ٹی آئی ضلع کچھی، ہندو پنچایت، تاجر یونین اور دیگر سیاسی و سماجی جماعتوں کے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ احتجاج سے خطاب کرتے ہوئے ماما عبدالستار ہنگرزئی، حافظ محمد یوسف گویا، حافظ اصغر علی مغیری، رئیس علی احمد مستوئی، عبداللہ بلوچ، خدا بخش مغیری، حاجی محمد الیاس کلواڑ، کامریڈ نکا خان کلواڑ اور دیگر مقررین نے کہا کہ ایک ہی دن میں بھاگ شہر اور تحصیل بھاگ میں چوری اور ڈکیتی کی متعدد وارداتوں کا ہونا انتظامیہ کے لیے باعث شرم ہے۔ مقررین کا کہنا تھا کہ انتظامیہ عوام کو تحفظ فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گزشتہ روز ڈاکٹر گل بیگ مندرانی اپنی فیملی کے ساتھ اپنے بھائی کی وفات پر کوئٹہ سے اپنے آبائی گاؤں آ رہے تھے کہ راستے میں انہیں لوٹ لیا گیا۔ ایسے واقعات کا ہونا انتہائی شرمناک ہے اور اس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ مقررین نے کہا کہ بھاگ بڑا والی چوکی عرصہ دراز سے خالی ہے لیکن اس کے باوجود اس پر کوئی عمل درآمد نہیں کیا گیا جو انتظامیہ کی کارکردگی پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ انتظامیہ کی کارکردگی انتہائی مشکوک ہے اور امن و امان کی صورتحال کے باعث ہراساں اور خوفزدہ ہیں۔ نہ گھر محفوظ ہے نہ باہر اور نہ ہی سفر کے دوران کوئی تحفظ حاصل ہے جس سے عوام کی زندگی اجیرن بن چکی ہے۔ احتجاج کے اختتام پر یہ فیصلہ کیا گیا کہ 17 دسمبر بروز بدھ بھاگ تا بختیار آباد لنک روڈ کو احتجاجاً بند کر کے سخت احتجاج کیا جائے گا اور بھاگ شہر میں امن قائم ہونے تک احتجاجی سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

اوستہ محمد، گرینڈ الائنس کے رہنما علی بخش جمالی عبداللہ چندرانی و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

نائب سربراہ پاکستان سنی تحریک کا جامعہ عربیہ اسلامیہ ضیاء العلوم کا دورہ

سنی تحریک بلوچستان کے کونے کونے میں فعال، منظم اور مستحکم ہوتی جا رہی ہے

نصیر آباد (نامہ نگار) نائب سربراہ پاکستان سنی تحریک علامہ محمد شاہد غوری، مرکزی رہنما محمد شہزاد قادری، مرکزی رہنما نور احمد قاسمی، مرکزی رہنما علی بلوچ سمیت دیگر مرکزی و صوبائی رہنماؤں نے جامعہ عربیہ اسلامیہ ضیاء العلوم اوستہ محمد کا ایک روزہ دورہ کیا جہاں ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر حضرت علامہ شیخ الحدیث محمد اسماعیل حبیبی، حضرت مولانا عبدالمجید بگٹی، حضرت علامہ ابو تراب علی نواز احمدی، حضرت مولانا غلام یاسین اوڈھانو، قاری عطاء الرحمن اوڈھانو، حضرت علامہ طفیل احمد قادری، حضرت علامہ عبدالنبی حبیبی، عطا محمد صدیق، محمد اسماعیل دیناری، قاری مدد علی چنرانی سمیت دیگر علمائے کرام اور دینی شخصیات بھی موجود تھیں۔ دورے کے دوران رہنماؤں نے جامعہ کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور طلبہ و اساتذہ سے ملاقات کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے علامہ محمد شاہد غوری و دیگر رہنماؤں نے کہا کہ پاکستان سنی تحریک بلوچستان کے کونے کونے میں روز بروز فعال، منظم اور مستحکم ہوتی جا رہی ہے۔

تحصیل بابا کوٹ حلقہ پی بی 14 تمبو نصیر آباد میں سیاسی سرگرمیوں میں تیزی

عمرانی برادری کا پیپلز پارٹی چھوڑ کر عبدالغفور لہڑی کی قیادت میں ن لیگ میں شامل

نصیر آباد (نامہ نگار) تحصیل بابا کوٹ حلقہ پی بی 14 تمبو نصیر آباد میں سیاسی سرگرمیوں میں تیزی آگئی ہیبو بھائی عمرانی برادری کے معززین اور معتبرین نے بڑی تعداد میں پیپلز پارٹی کو چھوڑ کر سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی کی قیادت میں مسلم لیگ ن میں شمولیت کا اعلان کر دیا۔ حلقہ پی بی 14 تمبو میں سیاسی درجہ حرارت میں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے جہاں صوبھائی عمرانی برادری کے قبائلی معتبرین اور معززین نے پیپلز پارٹی سے علیحدگی اختیار کرتے ہوئے سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے مسلم لیگ ن میں شمولیت اختیار کرنے والوں میں حاجی نیاز علی خان صوبھائی، شاہنواز صوبھائی، الطاف حسین صوبھائی، علی نواز صوبھائی سمیت دیگر سینکڑوں افراد شامل ہیں۔ اس موقع پر میر نعمان غفور لہڑی، میر عبدالرشید لہڑی، بیرسٹر میر ندیم لہڑی، محمد شریف لہڑی، جلیل احمد لہڑی، میر اللہ بخش لہڑی، فقیر بخش علی عمرانی، حاجی پرویز احمد مری لہڑی، ڈاکٹر اسحاق عمرانی، علی احمد عمرانی، شمولیتی تقریب میں سیاسی و قبائلی شخصیات بھی موجود تھیں۔

بقیہ 1 آئی ایم ایف

کو سہولت دینے کا امکان بڑھا، اعلیٰ سرکاری افسران کے اثاثوں کی تفصیلات آن لائن جمع کرانے اور شائع کرنے کا نظام تیار کرلیا گیا۔ وزارت خزانہ کے مطابق 2026 کے آخر تک اعلیٰ افسران کے اثاثہ جات کی تفصیلات عوام کے لیے ویب سائٹ پر دستیاب ہوں گی۔ وزارت خزانہ کا کہنا ہے کہ اینٹی منی لانڈرنگ کے لیے وفاقی و صوبائی افسران کے اثاثوں کی جانچ پڑتال بھی ہوگی، اس حوالے سے وفاقی حکومت نے آئی ایم ایف کو آگاہ کردیا ہے۔ دستاویز کے مطابق گریڈ 17 سے 22 کے افسران اپنے ملکی و غیر ملکی اثاثوں کی تفصیل جمع کرائیں گے جبکہ وفاق اور صوبوں کے تمام سول افسران کے اثاثوں کی تفصیلات بھی لازمی دستیاب ہوں گی۔ وزارت خزانہ کے مطابق اثاثوں کی آن لائن اشاعت کے لیے پرائیویسی اور ڈیٹا پروٹیکشن کے انتظامات شامل ہوں گے جبکہ رسک بیسڈ ویری فکیشن کا طریقہ کار بھی متعارف کرایا جائے گا۔ دستاویز کے مطابق بینک اینٹی منی لانڈرنگ کے لیے وفاقی و صوبائی افسران کے اثاثوں کی جانچ پڑتال کریں گے جبکہ سرکاری اداروں کے اہلکاروں کے اثاثوں کی بھی چھان بین ہوسکے گی۔

بقیہ 2 عاصم منیر

پر تیار اور پرعزم ہے۔ چیف آف آرمی اسٹاف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے گوجرانوالہ اور سیالکوٹ گیریژن کا دورہ کیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق فیلڈ مارشل کو فارمیشن کی آپریشنل تیاریوں اور جنگی صلاحیتوں میں اضافے کے لیے کیے گئے اہم اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ فیلڈ مارشل نے فیلڈ ٹریننگ ایکسرسائز اور جدید سمیولیٹر ٹریننگ سہولت کا مشاہدہ کیا، فیلڈ مارشل نے فارمیشن کے اعلیٰ پیشہ ورانہ معیار اور مجموعی تیاری کی تعریف کی۔ ترجمان پاک فوج نے کہا کہ فیلڈ مارشل نے ٹیکنالوجی سے ہم آہنگی کی اہمیت پر زور دیا، جدید جنگی ماحول میں حالات سے باخبر رہنا اور بروقت فیصلے کرنا ناگزیر ہیں۔ فیلڈ مارشل نے افسران اور جوانوں سے گفتگو کی اور ان کے بلند حوصلے اور قومی سلامتی کے لیے غیر متزلزل عزم کو سراہا، فیلڈ مارشل نے سخت، مقصد پر مبنی تربیت کی اہمیت پر زور دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل نے کہا کہ پاک فوج اندرونی و بیرونی چیلنجز، انتہا پسندانہ نظریات اور قومی استحکام کو نقصان پہنچانے والی تقسیم پسند قوتوں سے نمٹنے کے لیے مکمل طور پر تیار اور پرعزم ہے۔ گوجرانوالہ پہنچنے پر چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز

بقیہ 15 عالمی ادارے

بقیہ 26 گورنر بلوچستان

بقیہ 40 لیاقت بلوچ

بقیہ 47 قاری مہراللہ

بقیہ 54 5 افراد زخمی

بقیہ 66 سردار سلیم حیدر خان

پی ایم ڈی سی کے امور میں شفافیت یقینی بنائینگے، ڈپٹی چیئرمین سینٹ

بلوچستان کیلئے پہر میں 20 فیصد طلب، ہاؤس جاب 20 فیصد اور پی جی شپ میں کوٹے کے اضافے سے نظام میں بہتری آئے گی' سیدال خان ناصر

بلوچستان میں میڈیکل طلبہ کو زیادہ چیلنجز درپیش ہیں' صدر پی ایم ڈی سی کی ڈپٹی چیئرمین سینٹ سے ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ+اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا ہے کہ پی ایم ڈی سی کے تمام امور میں شفافیت اور بہتری کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ ملک بھر کے میڈیکل طلبہ کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے اور پاکستان میں صحت کی سہولیات کو عام اور معیاری بنایا جا سکے۔ یہ بات انہوں نے پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (PMDC) کے صدر پروفیسر ڈاکٹر رضوان تاج سے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہی ملاقات میں ملک میں طبی تعلیم، بلوچستان کے میڈیکل طلبہ کے لئے مواقع میں اضافہ .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سلطان گولڈن گیمز ریکارڈ اسپورٹ ایونٹ 2025 کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

چمن: حاجی امین اللہ خان کے گھر پر فائرنگ، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

چمن (یو این اے) چمن نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں کا نورزئی قوم کے سربراہ حاجی آمین اللہ خان کے گھر پر فائرنگ، فائرنگ کے وقت حاجی آمین اللہ خان نورزئی گھر پر موجود نہیں تھے تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب نورزئی قوم کے سربراہ حاجی امین اللہ خان نورزئی کے گھر پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کی اور فرار ہوئے حاجی امین اللہ خان نے میڈیا کو بتایا کہ موٹر سائیکل پر سوار دو نامعلوم مسلح افراد نے پسٹل سے چار فائر مین گیٹ پر کئے جس میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

حکومت روزگار دینے کی بجائے روزگار چھین رہی ہے، قاری مہراللہ

زرنج اور ایرانی تیل پر پابندی غریب عوام کا نوالہ چھیننے کے مترادف ہے، حاجی حبیب اللہ صافی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی صوبائی کنوینئر مولانا قاری مہراللہ' حاجی حبیب اللہ صافی' مولانا نیاز محمد، آغا ابراہیم شاہ' مولانا رحمت اللہ حقانی، مولانا محمد ابراہیم' حاجی محمد نور اخوندزادہ حاجی فیض اللہ اخوندزادہ نے کہا کہ حکومت زرنج پر پابندی، ایرانی تیل کی سپلائی بندش سے غریب عوام سے دو وقت کا نوالہ چھین رہا ہے روزگار دینے کی بجائے ر......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

ملک بھر میں ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال چھٹے روز بھی جاری رہی

آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں، حاجی نور محمد شاہوانی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر حاجی نور محمد شاہوانی کے مطابق آج 13 دسمبر ہے پورے ملک میں آل پاکستان ٹرانسپورٹرز کے ہڑتال کا آج چھٹا دن ہے اور ہڑتال جاری ہے کوئی بھی کسی کی غلط فہمی میں نہ آئے اور نہ ہی افواہوں پر کان دھریں آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور ہڑتال مکمل......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان تاریخی بحران سے گزر رہا ہے، حاجی لشکری رئیسانی

مائنز اینڈ منرل ایکٹ پاس کرکے وفاق وحدتوں کو اختیار وحق دینے سے انکاری ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کے سیاسی و قبائلی رہنماؤں سابق پارلیمنٹیرین سینئر سیاستدان نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی، نیشنل پارٹی کے سیکرٹری جنرل میر کبیر احمد محمد شہی، صوبائی صدر اسلم بلوچ، ڈاکٹر اسحاق بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان تاریخی بحران سے گزرر......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، کرسمس کی آمد کے موقع پر ایک شخص مقامی ہوٹل میں کرسمس ٹری کو دیکھ رہا ہے

پاک ایران شاہراہ پر ڈکیتی کی واردات

دالبندین (نمائندہ خصوصی) پاک ایران شاہراہ پر ڈکیتی کی واردات تفصیلات کے مطابق تفتان سے دالبندین آنے والی ایک گاڑی کو تالو لاڈھی کے مقام پر مسلح ڈاکوؤں نے روک لیا۔ ڈاکو گاڑی سے تقریباً 20 لاکھ روپے مالیت کے اسپیئر پارٹس اور ساڑھے چار لاکھ روپے نقدی لوٹ کر فرار ہو گئے۔ ایک مزدور کو بندوق کے نوک پر گاڑی میں بٹھا کر آنکھوں پر پٹیاں باندھ کر دالبندین لے آئے، جہاں سامان اتار کر گاڑی واپس مالک کے حوالے کر دی۔ واقعہ کا مقدمہ دالبندین صدر تھانے میں درج کرلیا گیا ہے جبکہ متاثرہ تاجر نے پولیس سے فوری اور موثر کارروائی اور فوری سامان کی برآمدگی کی اپیل کی ہے۔

میاں صاحب کا ساتھ دینے پر میری حکومت کا خاتمہ کیا گیا، نواب زہری

میری حکومت ہٹانے میں فیضی تحریک لائی گئی جس میں نہ صرف فیض حمید بلکہ باجوہ بھی برابر کے شریک تھے' سابق وزیراعلیٰ

جنرل فیض حمید اس وقت کے آرمی چیف کے ماتحت تھے دونوں جنرلز کیخلاف آرٹیکل 6 کے تحت کارروائی ہونی چاہئے' سابق وزیراعلیٰ

احتسابی عمل مستقبل کیلئے خوش آئند اس سے امید ہے ملکی سیاست میں غیر جمہوری مداخلت کا راستہ روکا جا سکے' رہنما، پیپلزپارٹی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلزپارٹی کے مرکزی رہنما اور سابق وزیراعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے سابق ڈی جی آئی ایس آئی آر جنرل (ر) فیض حمید کی کورٹ مارشل کو خوش آئند قرار اور کورٹ مارشل کے فیصلے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ فوجی افسران پر سیاست میں مداخلت پر پابندی کے باوجود جنرل باجوہ اور فیض حمید سیاسی مداخلت کرتے رہے اور سیاسی مداخلت کیس میں فیض حمید کو 14 سال قید با مشقت کی سزا جبکہ بھٹو شہید کو سازش کیس میں پھانسی کی سزا دی گئی یہ دوہرا معیار نہیں؟ نواب ثناء اللہ خان......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

ڈرائیونگ لائسنس 18 کے بجائے 16 سال کی عمر میں جاری کیا جائے، پنجاب اسمبلی میں قرارداد جمع

لاہور (این این آئی) ڈرائیونگ لائسنس کے اجرا کیلئے عمر کی حد 18 کے بجائے 16 سال کرنے کی قرارداد پنجاب اسمبلی میں جمع کرادی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب اسمبلی میں اپوزیشن رکن شیخ امتیاز محمود نے قرارداد جمع کرائی، جس میں کہا گیا کہ پاکستان میں اور خصوصاً پنجاب میں نوجوانوں کی شرح میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے

گورنر جعفر خان مندوخیل گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ کالج کی پرنسپل سعدیہ فاروقی کو یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

مضبوط معیشت کا دارومدار پارلیمنٹ کے آزادانہ فیصلوں میں مضمر ہے، جمعیت نظریاتی

ہماری پالیسیاں آئی ایم ایف مسلط کرتی ہے ہمارے حکمرانوں نے انتقامی سیاست سے قومی وحدت کو پارہ پارہ کر دیا' مولانا عبدالقادر لونی

ہمسایہ ممالک کے ساتھ تجارت اور سرمایہ کاری سے خطے میں ترقی کا نیا دور شروع ہوگا' مفتی شفیع الدین' قاضی گل الرحمان نکیال

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمان نکیال صوبائی امیر پنجاب مولانا ثناء اللہ صوبائی امیر سندھ مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف مرکزی ڈپٹی سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ مرکزی ترجمان سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی نے کہا کہ ملک کو آج جس بدامنی اور معاشی بحران کا سامنا ہے پاکستان کی تاریخ میں......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

لورالائی، جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما مولانا حافظ حمد اللہ مدرسہ دین العلوم کی سالانہ دستار فضیلت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

وطن سے بے مثال وفا کی عظیم داستان: نیا نغمہ "پاک سرزمینو" جاری

معروف گلوکار اسرار کی آواز میں ملی نغمہ آئی ایس پی آر کی جانب سے ریلیز کر دیا گیا

اسلام آباد (آن لائن) آئی ایس پی آر کا نیا نغمہ "پاک سرزمینو" جاری کر دیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے معروف گلوکار اسرار کی آواز میں "پاک سرزمینو" کے عنوان سے نیا ملی نغمہ ریلیز کر دیا، جو تینوں مسلح افواج کی یکجہتی اور وطن سے بے مثال وفا کی عظیم داستان ہے۔ نغمے میں معرکہ حق کے دوران پاکستان کی مسلح افواج کی......... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے مانیٹرنگ اینڈ کنٹرول سنٹر قائم کر دیا

شکارپور کے حلقہ پی ایس 9 میں آج ہونے والے ضمنی انتخاب کی تیاری مکمل

اسلام آباد (آن لائن) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے شکارپور کے حلقہ پی ایس 9، سندھ میں 14 دسمبر کو ہونے والے ضمنی انتخابات کے موقع پر عوام الناس کی سہولت اور شفاف انتخابی عمل کو یقینی بنانے کے لیے الیکشن مانیٹرنگ اینڈ کنٹرول سنٹر قائم کر دیا ہے۔ یہ سنٹر انتخابی عمل کی نگرانی اور عوامی شکایات کے بروقت ازالے کے لیے فعال رہے گا۔ الیکشن کمیشن کے......... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ سے صوبائی مشیر لوکل گورنمنٹ نوابزادہ امیر حمزہ زہری ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان میں آج اور کل گرج چمک کیساتھ بارش، پہاڑوں پر برفباری کا امکان

آج کوئٹہ، ژوب، قلات، قلعہ عبداللہ، پشین، زیارت، مستونگ، چاغی، قلعہ سیف اللہ میں چند مقامات پر ہلکی بارش متوقع ہے

شہری شدید سردی کے پیش نظر احتیاطی تدابیر اختیار اور بالائی علاقوں کے کیمپن غیر ضروری سفر سے گریز کریں' محکمہ موسمیات کی ہدایت

کوئٹہ (غ ن) علاقائی موسمیاتی مرکز بلوچستان کے مطابق آج کوئٹہ، ژوب، خاران، قلعہ عبداللہ، پشین، مستونگ، پنجگور، کیچ، چاغی اور قلعہ سیف اللہ کے اضلاع میں موسم سرد اور جزوی طور پر ابر آلود رہنے کا امکان ہے، جبکہ صوبے کے دیگر اضلاع میں موسم خشک رہنے کی توقع ہے۔ آج صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم سرد اور خشک رہنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے، تاہم کوئٹہ، ژوب، قلعہ عبداللہ، پشین، خضدار، کیچ، واشک، خاران، پنجگور، مستونگ، قلات، سوراب، زیارت، لورالائی، چاغی اور قلعہ سیف اللہ میں موسم جزوی طور پر ابر آلود رہنے......... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

ہماری بار سیاست کی جدوجہد ایک چوتھائی صدی پر محیط ہے' امان اللہ کنرانی

فیصلہ ہوگا کہ سرکار کی پکار یا دُکلا، کی للکار پر کون کس کو لبیک کہتا ہے' سابق صدر بار ایسوسی ایشن

کوئٹہ (آن لائن) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر سینیٹر (ر) امان اللہ کنرانی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان میں ہماری بار سیاست کی جدوجہد ربع یعنی ایک چوتھائی صدی پر محیط ہے جب ہم نے سن 2000ء میں بلوچستان کے بار میں طاقت کا منبع سمجھے جانے والے ایک وکیل مرحوم کے نام سے جانے والے گروپ کو کامران مرتضیٰ اور دیگر د......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں دفعہ 144 کا نفاذ غیر جمہوری عمل ہے' پشتونخوامیپ

28 دسمبر کو انتخابات کا انعقاد جس سے حکومت بوکھلاہٹ کا شکار ہے' بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں صوبائی حکومت کی جانب سے کوئٹہ شہر میں دفعہ 144 نافذ کرنے کے اقدام پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اسے غیر آئینی، غیر جمہوری عمل قرار دیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات کا اعلان ہو چکا ہے اور 28 دسمبر کو انتخابات کے لئے پولنگ ہوگی جس سے حکومت با......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

خانوزئی 35 شہریوں کے نام فورتھ شیڈول میں شامل کرنا قابل مذمت ہے، پی کے نیپ

شہریوں نے اپنے قیمتی معدنی وسائل پر ناجائز اور غیر قانونی قبضے کے خلاف پُرامن احتجاج کیا تھا

خانوزئی کے عوام کے آئینی، جمہوری اور انسانی حقوق کو تسلیم کرتے ہوئے مظالم کا سلسلہ بند کیا جائے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری کردہ ایک پریس ریلیز میں صوبائی محکمہ داخلہ اور صوبائی حکومت کی طرف سے خانوزئی کے 35 مقامی شہریوں اور نوجوانوں کے نام فورتھ شیڈول میں شامل کرنے کے اقدام کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی گئی ہے۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ تمام بے گناہ افراد کے......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

موسیٰ خیل میں وبائی امراض سے نمٹنے کیلئے حکومت متحرک ہے، عبدالرحمن کھیتران

چینہ خونڈی اور لاکھی میں فوری طور پر 2 ایمرجنسی میڈیکل یونٹس قائم اور متاثرہ آبادی کو بروقت سہولیات فراہم کی جائیں' صوبائی پی ایچ ای

لاکھی میں وبا پر قابو پانے کیلئے ویکسی نیشن، میڈیکل کیمپس اور فیلڈ ٹیموں کے ذریعے کارروائی جاری ہے' ڈی ایچ او کی ٹیلیفونک بریفنگ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران نے ضلع موسیٰ خیل میں چینہ خونڈی میں ہیضہ اور یونین کونسل لاکھی میں خسرہ کی وبا کے حوالے سے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالغفار سے ٹیلی فونک رابطہ کیا اس موقع پر صوبائی وزیر کو دونوں علاقوں میں بیماریوں کی صورتحال، نقصانات اور جاری طبی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی ڈاکٹر عبدالغفار نے صوبائی وزیر کو آگاہ کیا کہ چینہ خونڈی میں ہیضہ کے باعث 6 بچے اور 2 دیگر افراد جاں بحق ہوئے ہیں، تاہم ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرتے ہوئے صورتحال کو کنٹرول میں کر لیا گیا انہوں......... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

انسداد اسمگلنگ آپریشن: منشیات سمیت 70 کروڑ کی اشیاء ضبط

ملکی معیشت اور قومی سلامتی سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، کلکٹر کسٹمز انفورسمنٹ کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) فرنٹیئر کور نارتھ بلوچستان اور کوئٹہ کسٹمز نے انسداد اسمگلنگ کے لیے ایک مشترکہ اور بڑی کارروائی کرتے ہوئے کوئٹہ سے اسمگل شدہ سگریٹس، چھالیہ اور چائے برآمد کر لی۔ انسداد اسمگلنگ کی اس بڑی کارروائی میں 10 ٹرک ضبط کرکے کسٹمز ویئر ہاؤس منتقل کر دیئے گئے۔ اس کامیاب آپریشن میں ضبط شدہ اشیا کی مالیت......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

جیپ ریلی کے ڈرائیور کو تیل پہنچانے والی گاڑی حادثے کا شکار

سوار 4 افراد زخمی، جنہیں طبی امداد کیلئے ڈی ایچ کیو اسپتال گنداواہ منتقل کر دیا گیا

جھل مگسی (این این آئی) ضلع جھل مگسی کے علاقے نوشہرہ کے قریب جیپ ریلی کے ڈرائیور کو تیل پہنچانے والی گاڑی حادثے کا شکار گاڑی میں سوار 4 افراد زخمی ہو گئے۔ زخمیوں میں اشفاق احمد ریل خان عبدالغفار اور شیر دل شامل ہیں۔ حادثے کے فوراً بعد زخمیوں کو طبی امداد کے لیے ڈی ایچ کیو اسپتال گنداواہ منتقل کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق زخمی افراد......... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

ن لیگ نے ہمیشہ چاروں صوبوں کو ساتھ لیکر اقدامات کئے ہیں، نسیم الرحمن ملاخیل

کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں عوام کے ووٹ کی پرچی ہمارے حق میں استعمال ہوگی

کوئٹہ (اے این این) صوبائی مشیر برائے ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی پاکستان مسلم لیگ ن کے صوبائی سینئر رہنما نسیم الرحمن خان ملاخیل نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ نے ہمیشہ بلا رنگ ونسل ذات برادری قوم قبیلے اور انسانیت کی خدمت کو اپنا مقصد بناتے ہوئے کوئٹہ سمیت بلوچستان میں بننے والی ہر قوم قبیلے کی ترجمانی کرتے ہوئے سیاسی مید......... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

بسیمہ: ٹریفک حادثہ، خواتین و بچوں سمیت 5 افراد زخمی

ریسکیو 1122 نے زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کر کے ہسپتال منتقل کر دیا

واشک (یو این اے) ضلع واشک کی تحصیل بسیمہ کے علاقے کتو کے مقام پر پیش آنے والے ٹریفک حادثے میں خواتین اور بچوں سمیت 5 افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق حادثہ اس وقت پیش آیا جب ناگ سے خضدار جانے والی پک اپ گاڑی تیز رفتاری کے باعث ٹرک کو اوورٹیک کرنے کی کوشش میں ڈرائیور سے بے قابو ہو کر......... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

ستھرا پنجاب کا صفائی کا ماڈل برطانیہ کے شہر برمنگھم تک پہنچ گیا

تاریخ میں پہلی بار برطانوی گروپ نے صفائی کے لیے پنجاب سے رہنمائی حاصل کی، بی بی سی

لاہور (آن لائن) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے "ستھرا پنجاب" پروگرام کو عالمی سطح پر ایک اور بڑی پذیرائی مل گئی ہے۔ کاپ 30 کے بعد فوربز، بلوم برگ اور اب بی بی سی نے بھی ستھرا پنجاب کے جدید ویسٹ مینجمنٹ ماڈل کو سراہا ہے۔ بی بی سی کے مطابق ستھرا پنجاب کا صفائی کا ماڈل برطانیہ کے شہر برمنگھم تک پہنچ گیا ہے، جہاں تاریخ میں......... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

نجی تنظیم کے زیر انتظام غریب خاندانوں کو امداد فراہم کی، آغا عمر جان احمدزئی

مستحق اور ضرورت مند خاندانوں میں تقریباً 300 راشن کے بیگز تقسیم کیے گئے

کوئٹہ (یو این اے) پارلیمانی سیکرٹری برائے پاپولیشن ویلفیئر پرنس آغا عمر جان احمدزئی کی خصوصی ہدایات اور انسانی ہمدردی پر مبنی کاوشوں کے نتیجے میں، کوئٹہ اور گرد و نواح کے غریب اور مستحق لوگوں کے لیے ایک بڑا امدادی پروگرام سریاب روڈ فریش روز میرج ہال میں منعقد ہوا جس میں پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ (PPL) کے بھرپور تعاون سے ممکن......... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

اسحاق ڈار 16 ویں بنی یاس فورم میں شرکت کیلئے ابوظہبی پہنچ گئے

عالمی و علاقائی امور، امن و سلامتی اور سفارتی تعاون پر تبادلہ خیال کیا جائے گا

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار متحدہ عرب امارات کے دارالحکومت ابوظہبی پہنچ گئے ہیں، جہاں وہ 16 ویں بنی یاس فورم میں شرکت کریں گے۔ ان کی اس اہم بین الاقوامی فورم میں شرکت کو پاکستان اور یو اے ای کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے فروغ کے لیے اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

بانی پی ٹی آئی کو جیل میں حقوق سے محروم نہ رکھا جائے، لیاقت بلوچ

بیوروکریٹس، ججوں اور دیگر کے اثاثوں کی ڈیکلریشن لازمی قرار دی جائے

لاہور (آن لائن) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ کو جیل مینوئل کے مطابق حقوق سے محروم نہ رکھا جائے۔ اپنے بیان میں لیاقت بلوچ نے کہا کہ آئین سے کھلواڑ کرنے والے ہر فوجی، سیاستدان اور بیوروکریٹ کو کٹہرے میں لایا جائے، سول بیوروکریٹس، ججوں، فوجیوں کے اثاثوں کا ڈیکلریشن......... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

ضلعی انتظامیہ کی زرنج رکشوں پر پابندی بلاجواز ہے، مرکزی انجمن تاجران

صوبے میں کوئی انڈسٹری موجود نہیں اور اب حکومت وضلعی انتظامیہ لوگوں کو مزید بیروزگار کرنے پر تلی ہوئی ہیں' عبدالرحیم کاکڑ

ٹریفک پولیس زرنج رکشوں سے ٹیکس لیکر انہیں نمبر پلیٹ جاری کرے بصورت دیگر منفی اقدام کیخلاف شدید احتجاج پر مجبور ہو جائیں گے' حضرت علی اچکزئی

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، میر یاسین مینگل، سعد اللہ پیرعلیزئی، عمران ترین، آغا جہانگیر لانگو، ظفر گلستان، عبدالعلی دمڑ، حاجی اللہ داد اچکزئی، محمد جان درویش، نعمت خان ترین، بسم اللہ ترین، منظور ترین، نصر اللہ کاکڑ، عنایت درانی، حاجی عبدالقاہر ترین، زین اللہ ہاشم، عبدالخالق، حاجی کاکڑ، جعفر کاکڑ، ثناء اللہ آغا، نجیب کاکڑ، سید دوست محمد آغا نے کوئٹہ شہر میں انتظامیہ اور ٹریفک پولیس کی جانب سے زرنج (چنگ چی) رکشوں کی......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

ایف سی گنداواہ حکام نے شہید امام بخش کے خاندان سے ملاقات کی

جھل مگسی (این این آئی) ایف سی گنداواہ کے میجر اور کیپٹن و دیگر ایف سی اہلکار گنداواہ کے علاقے یوسی پٹری میں جاکر ایف سی کے شہید امام بخش کے خاندان سے ملاقات کی اور ان کے خاندان کو سامان و دیگر اشیاء اور نقد بھی دیے بعد ازاں شہید امام بخش کی قبر پر جا کر ان کیلئے خصوصی دعا بھی مانگی گئی۔ ایف سی کے میجر حسنین اور کیپٹن عثمان نے کہا کہ ہم اپنے شہداء کو کبھی بھی نہیں بھولے گے اپنے شہداوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں انھوں نے کہا کہ ہمیشہ اپنے ملک کی ترقی اور امن کیلئے ایف سی نے اپنے جانیں دے کر اپنے ملک اور قوم کی حفاظت کی ہے۔

وزیراعظم سے بیرونس چیپ مین کی ملاقات

پاکستان اور برطانیہ کا اہم شعبوں میں تعاون کو مزید گہرا کرنے کا اعادہ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور برطانیہ نے اہم شعبوں میں تعاون کو مزید گہرا کرنے کے لیے اپنے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا ہے اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان مشترکہ تاریخ، مضبوط ادارہ جاتی روابط اور باہمی احترام پر مبنی دیرینہ تعلقات ہیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے برطانیہ کی وزیر مملکت......... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

جج کے بیٹے کی گاڑی کی ٹکر سے 2 بچیوں کی ہلاکت کا کیس

دونوں بچیوں کے ورثا نے ملزم کو معاف کر دیا، عدالتی فیصلہ جاری

اسلام آباد (آن لائن) جج کے بیٹے کی گاڑی کی ٹکر سے 2 بچیوں کی ہلاکت کیس میں صلح کیسے ہوئی؟ تحریری حکم نامہ سامنے آ گیا۔ رپورٹ کے مطابق جج کے بیٹے کی ٹکر سے دو بچیوں کی ہلاکت کے کیس میں عدالت نے سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا، جوڈیشل مجسٹریٹ شائستہ کنڈی نے حکم نامہ جاری کیا۔ حکم نامے کے مطابق دونوں بچیوں کے ورثا نے......... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

ایڈوانس ٹرانگ ایجنسی کے سی ای او عادل ڈائریکٹر میڈیا یا وحید کے صحافیوں کے اعزاز میں عشائیہ کے موقع پر گفتگو کر رہے ہیں

موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنا مشترکہ عالمی ذمہ داری ہے، مصدق ملک

جو ممالک بحران سے سب سے زیادہ متاثر ہیں، انہیں منصفانہ، موثر اور قابل رسائی کی اشد ضرورت ہے، وفاقی وزیر

ماحولیاتی زوال کو عالمی مالیاتی نظام کے لیے ایک سنگین نظاماتی خطرہ قرار دیا چکا ہے، اقوام متحدہ کے فورم سے خطاب

نیروبی (آن لائن) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنا ایک مشترکہ عالمی ذمہ داری ہے، جبکہ وہ ممالک جو اس بحران سے سب سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں، انہیں منصفانہ، موثر اور قابل رسائی موسمیاتی مالی معاونت کی اشد ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر نے اقوام متحدہ کی ماحولیاتی اسمبلی کے موقع پر ماحولیات اور عالمی مالیاتی استحکام سے متعلق اعلیٰ سطحی قیادت مکالمے میں شرکت کرتے ہوئے ماحولیاتی زوال کو عالمی مالیاتی نظام کے لیے ایک سنگین نظاماتی خطرہ قرار دیا۔ یہ مکا......... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

نوابزادہ امیر حمزہ زہری کے اعزاز میں عشائیہ دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری کے اعزاز میں سابق صوبائی وزیر خزانہ اور قبائلی و سیاسی شخصیت میر خالد لانگو کی جانب سے پرتکلف عشائیہ دیا گیا لانگو ہولک میں عشائیہ کی تقریب میں صوبائی وزیر زراعت میر علی حسن زہری، رکن اسمبلی میر علی مدد جتک، سابق صوبائی وزیر میر دانش لانگو سمیت دیگر حضرین شریک تھے صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ زہری اور سابق صوبائی وزیر میر خالد لانگو کے درمیان موجودہ سیاسی اور علاقائی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر مہمانوں نے بلوچستان کی موجودہ سیاسی صورتحال سمیت دیگر اہم امور پر تبادلہ خیال کیا اور ایک دوسرے کے نقطہ نظر کو سنا۔

کوئٹہ، سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

خان میر لالا نے زندگی پشتون قومی تحریک کیلئے وقف کر رکھی تھی، اصغر خان اچکزئی

ان جیسے نظریاتی اور مخلص سیاسی کارکن مدتوں بعد پیدا ہوتے ہیں، انجینئر زمرک خان اچکزئی

موسیٰ خیل (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ خان میر لالا جیسے نظریاتی اور مخلص سیاسی کارکن مدتوں بعد پیدا ہوتے ہیں جنہوں نے اپنی پوری زندگی پشتون قومی تحریک کے لیے وقف کر رکھی تھی ان کی سیاسی جدوجہد قربانیاں اور خدمات کو ہمیشہ یاد اور نئی نسل کو ان کے افکار و نظریات سے آگاہ کیا جاتا رہے گا ضلع موسیٰ خیل جیسے دور......... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

ہنہ: مشتعل افراد کا بی اینڈ آر ٹیم پر پتھراؤ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ہنہ میں سڑک کا تعمیراتی کام مشتعل افراد نے روک کر بی اینڈ آر کی ٹیم پر پتھراؤ کر کے سب انجینئرز اور ایکسین کے بیٹے کو زخمی کر دیا ہنہ پولیس نے کار سرکار میں مداخلت سمیت دیگر دفعات کے تحت مقدمہ درج کرکے ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں پولیس کے مطابق بی اینڈ آر کے ایکسین ثناء اللہ نے ہنہ تھانے میں رپورٹ دی ہے کہ ہنہ کے علاقے سریل کلی حاجی عطا محمد سڑک کی تعمیر کا کام جاری ہے گزشتہ روز کلی کے مشتعل افراد نے کام کو روک دیا جس کی اطلاع ملنے پر میں سب انجینئر قاضی محمود ایس ای عزیز کاسی ایس ڈی او ثناء اللہ اور اپنے بیٹے امان اللہ کے ہمراہ مو......... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

دو بھائیوں کے قتل کے الزام میں باپ بیٹا گرفتار

29 دسمبر 2024 کو پشین کی تحصیل حرمزئی میں فائرنگ کر کے فرار ہوئے تھے، پولیس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کرائم برانچ پولیس نے ایک سال قبل پشین حرمزئی میں ہونے والے دو بھائیوں کے قتل میں ملوث باپ بیٹے کو گرفتار کر لیا پولیس کے مطابق 29 دسمبر 2024 میں پشین کی تحصیل حرمزئی میں تین ملزمان نے فائرنگ کر کے دو بھائیوں جنید خان اور امام اللہ ولد ہدایت اللہ کو فائرنگ کر کے قتل جبکہ دو افراد امر اللہ ولد عصمت اللہ اور عنا......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

امام بارگاہوں کی سیکورٹی کلوز کرنا نامناسب اقدام ہے، شیعہ کانفرنس

کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش آیا تو اسکی تمام تر ذمہ داری حکام پر عائد ہوگی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان شیعہ کانفرنس رجسٹرڈ کے جانب سے ایک بیان جاری کیا گیا جس میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان پولیس نے تمام امام بارگاہ کی سیکورٹی گارڈز کلوز کرنا نامناسب اقدام ہے ہم بلوچستان شیعہ کانفرنس رجسٹرڈ۔ خدانخواستہ کسی امام بارگاہ میں کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش آیا تو اسکی تمام تر ذمہ داری بلوچستان پولیس کی ہوگی۔

اوستہ محمد: پولیس کی کارروائی روپوش ملزمان گرفتار

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) اوستہ محمد پولیس کی کارروائی روپوش ملزمان گرفتار تفصیلات کے مطابق ایس پی اوستہ محمد غلام حسین باجوئی کی ہدایات پر ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد داؤد کھوسہ کی نگرانی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی اوستہ محمد انسپکٹر عبدالرؤف جمالی نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ میں مطلوب روپوش ملزمان عبدالرحیم ولد والی ڈنہ اور برکت علی ولد عبدالرحیم قوم لانگاہ ساکنان اوستہ محمد کو گرفتار کرلیا ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد قانون کی بالادستی قائم رکھنے اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھے گی۔

کوئٹہ، ویمن کالج آف نرسنگ اینڈ الائیڈ ہیلتھ سائنسز کے زیراہتمام تعلیمی وعملی نمائش کا افتتاح کیا جا رہا ہے

ماضی کے حکمرانوں نے خوشنما نعروں کے ذریعے عوام کو گمراہ کیا، صوبائی وزیر صحت

عوام کی فلاح و بہبود کے منصوبوں میں غفلت یا غیر ضروری تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی' بخت محمد کاکڑ

حکومت کھوکھلے نعروں کی بجائے عملی اقدامات پر یقین رکھتی ہے نواں کلی زرغون آباد فیز 1 میں ٹیوب ویل کی تنصیب کے موقع پر خطاب

کوئٹہ (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ پی بی 39 ماضی میں مسائل کا گڑھ بن چکا تھا اور یہاں کے عوام کو مایوسی کا شکار تھے سابق حکمرانوں نے خوشنما نعروں کے ذریعے عوام کو گمراہ کیا مگر موجودہ حکومت نے عملی خدمت کو اپنا شعار بنایا ہے۔ اب باتوں نہیں، کام کا وقت ہے۔ ان شاء اللہ اپنے دور میں حلقہ پی بی 39 کے عوام کو بنیادی ضروریات زندگی کی فراہمی کیلئے دن رات کوشاں رہیں گے' یہ بات انہوں نے نواں کلی زرغون آباد فیز 1 میں ٹیوب ویل کی تنصیب کے منصوبے......... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی: بریک فیل ہونے پر خاتون بس سے چھلانگ لگا کر جاں بحق

کراچی (آن لائن) کراچی کے علاقے ڈیفنس فیز فائیو میں بس کے بریک فیل ہونے پر خاتون مسافر نے چلتی بس سے چھلانگ لگا دی۔ پولیس کے مطابق خاتون مسافر نے بس کے بریک فیل ہونے کی صورت میں جان بچانے کے لیے بس سے چھلانگ لگائی تاہم سر پر چوٹ لگنے سے جاں بحق ہوگئی۔ ان کا کہنا ہے کہ بریک فیل ہونے کے بعد بس فٹ پاتھ پر چڑھ گئی تھی۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ کالج کی طالبات کے ساتھ گروپ فوٹو

پسنی کے عوام کی بلاتفریق خدمت کرینگے، مولانا ہدایت الرحمن

حکمرانوں کی کرپشن اور بے روزگاری و غربت کے باعث حالات روز بروز بد سے بدتر ہوتے جا رہے ہیں' صوبائی امیر جماعت اسلامی

پسنی کو درپیش مسائل حل کرنے کیلئے ذاتی دلچسپی لیں گے' رکن صوبائی اسمبلی کی دورے کے دوران گفتگو و یقین دہانی

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے پسنی کا دورہ، درپیش مسائل کے حل کی یقین دہانی۔ عوام سے کئے گئے وعدوں کو پورا کرنے کیساتھ ہر علاقے کی بلاتفریق خدمت کریں گے حکمرانوں کی بدعنوانی، بے روزگاری و غربت کی وجہ سے حالات روز بروز بد سے بدتر ہوتے جا رہے ہیں ان خیالات کا اظہار امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے و گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے پسنی کے دیہی علاقے یونین کونسل کلمت کا دورہ کرتے ہوئے علاقے کے عوام "عمائدین" کارکنوں سے گفتگو کرتے......... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

تربیلا، منگلا اور چشمہ، پانی کا مجموعی ذخیرہ 74 لاکھ 87 ہزار ایکڑ فٹ موجود

اسلام آباد (آن لائن) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے ریزروائرز میں قابل استعمال پانی کا مجموعی ذخیرہ 74 لاکھ 87 ہزار ایکڑ فٹ موجود ہے۔ ترجمان واپڈا نے ملک بھر کے دریاؤں اور آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج کی تفصیل جاری کر دی۔ ترجمان واپڈا کے مطابق تربیلا کے مقام پر دریائے سندھ میں پانی کی آمد 18 ہزار 400 کیوسک اور اخراج 20 ہزار کیوسک ہے۔ منگلا کے مقام پر دریائے جہلم میں پانی کی آمد 5 ہزار کیوسک اور اخراج 33 ہزار کیوسک ہے۔

پیپلز پارٹی کے رہنما داؤد آغا، حاجی برکت علی نجیب ندیمی کے دفتر کا افتتاح کر رہے ہیں

ملکی ترقی اور خوشحالی جمہوریت سے وابستہ ہے، سردار سلیم حیدر خان

آنے والا دور پیپلز پارٹی کا ہے، بلاول بھٹو عوام کے ووٹوں سے وزیراعظم بنیں گے

لاہور (آن لائن) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ ملکی ترقی اور خوشحالی جمہوریت سے وابستہ ہے۔ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ نظام کو غیر مستحکم نہیں کیا اور نہ ہی کرے گی۔ پیپلز پارٹی جمہوریت پر یقین رکھتی ہے اور عوام کو اپنی اصل طاقت سمجھتی ہے۔ آ......... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

چیئرمین سینیٹ کا غزہ میں شدید بارشوں سے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے غزہ میں شدید بارشوں کے باعث قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع اور مالی نقصان پر گہرے دکھ و افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ قدرتی آفات سے متاثرہ بے گناہ فلسطینی شہریوں کی تکالیف سے انسانی بحران کو مزید سنگین بنا دیا ہے۔ ایک بیان میں چیئرمین سینیٹ نے جاں بحق افراد کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا

اسپیکر قومی اسمبلی کا غزہ میں طوفانی بارشوں سے جانی اور مالی نقصان پر افسوس

غزہ کی امدادی راہداریاں فوری طور پر کھلوائی جائیں، ایاز صادق کا اظہار خیال

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے غزہ میں طوفانی بارشوں کے باعث ہونے والے جانی اور مالی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ فلسطینی خاندانوں سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ انہو......... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

1971 کی جنگ، پاکستان آرمی کے جوانوں کی بہادری کی داستانیں

اسلام آباد (آن لائن) 1971 کی جنگ میں مشرقی اور مغربی محاذوں پر پاکستان آرمی کے جوانوں نے بہادری کی لازوال داستانیں رقم کیں۔ پاک فوج کے لیفٹیننٹ کرنل سلمان بیگ (ریٹائرڈ) نے 1971 کی جنگ کی آپ بیتی سناتے ہوئے کہا کہ 1971 میں بھارت نے مشرقی پاکستان پر حملہ کر کے جنگ کا آغاز کیا۔ میری یونٹ اس وقت میرپور، جیسور سیکٹر میں تعینات تھی۔

جمعیت علماء اسلام کے مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری ملک سکندر خان کچلاک کوتوال میں الیکشن سیل کا افتتاح کر رہے ہیں

بلدیاتی الیکشن میں مخلوط پولنگ اسٹیشنز کے قیام کا فیصلہ واپس لیا جائے، نصر اللہ زیرے

شہر کے تمام علاقوں میں بڑی تعداد میں سرکاری عمارتیں موجود ہیں ان کو استعمال میں لا کر علیحدہ پولنگ اسٹیشنز قائم کئے جائیں، فقیر خوشحال کاسی

کمبائنڈ پولنگ اسٹیشن کے قیام سے خواتین ووٹرز کی بڑی تعداد ووٹ کاسٹ نہیں کر پائیں گی، جس سے ٹرن آؤٹ میں نمایاں کمی واقع ہوگی

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے صوبائی سیکرٹری اول فقیر خوشحال کاسی نے اپنے مشترکہ بیان میں چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان، صوبائی الیکشن کمشنر، ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر کوئٹہ، ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر اور دیگر متعلقہ انتخابی افسران سے پرزور مطالبہ کیا گیا ہے کہ کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں کمبائنڈ (مشترکہ مرد و خواتین) پولنگ اسٹیشنز قائم کرنے کے فیصلے کو فوری طور پر واپس لیا جائے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ شہر کے تمام علاقوں اور محلوں میں سرکاری عمارتیں بڑی تعداد میں موجود ہیں، جن میں اسکول......... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر